بلوچستان کا مقبول روزنامہ
Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
ایڈیٹر غضنفر علی
Phone: 081-2830288
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED
جلد نمبر 22 | منگل 18 اگست 2026 | 04 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 159

جوڈیشل افسران اپنے فرائض قانون کے مطابق آزادانہ اور دیانتداری سے انجام دیں، بلوچستان ہائیکورٹ

بلوچستان ہائی کورٹ نے عدالتی آزادی کے تحفظ، عدالتی کارروائیوں میں بیرونی اثر ورسوخ کی روک تھام اور جوڈیشل افسران کی غیر جانب داری یقینی بنانے کے لیے تمام ماتحت عدالتوں کے جوڈیشل افسران کو سخت ہدایات جاری کر دیں

کسی بھی شخص، خواہ اس کا عہدہ، حیثیت یا اثر ورسوخ کچھ بھی ہو، کو عدالتی کارروائی، حکم، فیصلے، ضمانت، کیس مینجمنٹ، فہرست سازی، مقدمے کی منتقلی یا کسی دیگر عدالتی وانتظامی معاملے پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے عدالتی آزادی کے تحفظ، عدالتی کارروائیوں میں بیرونی اثر ورسوخ کی روک تھام اور جوڈیشل افسران کی غیر جانب داری یقینی بنانے کے لیے تمام ماتحت عدالتوں کے جوڈیشل افسران کو سخت ہدایات جاری

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین مصر کے سفیر عبدالحمید حسن سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان نے اقوام متحدہ کی کانفرنس برائے تخفیف اسلحہ کی صدارت سنبھال لی

اسلام آباد/جنیوا (این این آئی) پاکستان نے اقوام

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت پاکستان مالی شمولیت پر یقین رکھتی ہے، وزیر اطلاعات

ٹیلی کام، ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ بینکنگ کا انضمام خوش آئند ہے، حکومت پاکستان ٹیکنالوجی اور مختلف صنعتوں کے باہمی اشتراک کی حمایت کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان مالی شمولیت پر یقین رکھتی ہے، ٹیلی کام، ٹیکنالوجی اور

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی آپریشن، 6 دہشتگرد ہلاک

بسیمہ کیمپ سے تقریباً 12 کلومیٹر شمال میں کلی زائنگ اور کاغلی کے درمیان دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا

ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈی تیار کرنے کا سامان برآمد ہوا

کوئٹہ (یو این اے) زیارت اور ہرنائی کے سرحدی پہاڑی علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بنیاد پر آپریشن کیا۔ نگرانی کے دوران ایک متروکہ مکان میں 3 سے 4 دہشت گردوں کی موجودگی کی تصدیق ہوئی۔ مصدقہ

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کا اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تکمیل میں تاخیر پر اظہار برہمی

اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کو چلانے کیلئے مکمل طور پر آؤٹ سورس کیا جائے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو شہریوں کے لیے آسان، موثر اور جدید ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کو بروقت، شفاف اور آسان ڈیجیٹل

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حماس کا غزہ جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے پر اتفاق

حماس نے ثالثوں اور ٹرمپ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اسرائیل کو جنگ بندی معاہدے کے پہلے مرحلے کی تمام ذمے داریاں پوری کرنے پر مجبور کیا جائے

اس سے پہلے امریکی نمائندے اور ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر کی مصر میں حماس کے رہنما خلیل الحیہ سے ملاقات ہوئی تھی

غزہ (این این آئی) فلسطین کی مزاحمتی تحریک حماس نے غزہ جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے کے روڈ میپ پر اتفاق کرلیا۔ حماس نے ثالثوں اور ٹرمپ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اسرائیل کو جنگ بندی معاہدے کے پہلے مرحلے کی تمام ذمے داریاں پوری کرنے پر مجبور کیا جائے۔ حماس نے کہا کہ فلسطینیوں پر حملے اور غزہ میں فوجی کارروائیاں روکی جائیں۔ اس سے پہلے امریکی نمائندے اور ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر کی مصر میں حماس کے رہنما خلیل الحیہ سے ملاقات ہوئی تھی۔ حماس کی طرف سے جاری بیان [illegible]

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ٹیکنالوجی پارک کی تعمیر کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اداروں کو خود مختار ہو کر خود فیصلے کرنے ہوں گے، وزیر داخلہ

وزارت داخلہ کا کام دیگر وزارتوں سے مختلف اور غیر معمولی نوعیت کا ہے، لینڈ پورٹ اتھارٹی سمیت نئے قائم شدہ اداروں کو مکمل سپورٹ فراہم کی جائے گی، تمام اداروں کو درکار وسائل مہیا کیے جائیں گے، سب اداروں کو مل کر ایک دوسرے کی بھرپور معاونت کرنا ہوگی

گزشتہ اور رواں سال حج آپریشن کے دوران منشیات سمگلنگ کا ایک بھی کیس رپورٹ نہ ہونا ہمارے اداروں کی کارکردگی میں بہتری کا واضح ثبوت ہے۔ وفاقی اداروں میں کام نہ کرنے کا کلچر تھا، ہم نے اس سوچ کو بدلا ہے، تمام اداروں کو ٹارگٹ بیسڈ، نتیجہ خیز اور کارکردگی پر مرکوز انداز میں کام کرنا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے جامع ٹرانسفارمیشن پلان طلب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزارت داخلہ کے اداروں کو خود مختار اور با اختیار ہو کر خود فیصلے کرنا ہوں گے، اداروں کو ہر معاملہ وزارت کو بھیجنے کی ضرورت نہیں، جہاں ضرورت ہو قوانین میں ضروری ترامیم اور اصلاحات کی تجاویز فوری دی جائیں، وزارت داخلہ کے تمام اداروں کو جدید خطوط پر مکمل طور پر تبدیل کرنا ہمارا ہدف ہے، ہر ذیلی ادارے کو مثالی اور عوام دوست بنانا چاہتے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت وزارت داخلہ کے تمام ذیلی اداروں کے سربراہان کا اہم اجلاس ہوا جس میں وزارت داخلہ کے اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے، باہمی رابطے مضبوط کرنے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ اصلاحات نافذ کرنے کے پلان پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے تمام اداروں کو باہمی رابطے، تعاون اور کوآرڈینیشن مزید مضبوط

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ نے عمان پر حملے کی دھمکی دیدی

ٹرمپ کی عمان پر بمباری کی دھمکی؛ ایران کو ہتھیار ڈال کر سفید جھنڈا لہرانے کا مشورہ، عمان نے ہرمز میں امریکی کوششوں میں مداخلت کی تو حملہ کیا جائیگا، ٹرمپ

امریکی انتظامیہ نے پاسداران انقلاب کے ساتھ براہ راست پس پردہ رابطے کا راستہ قائم کرلیا، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے عمان پر حملے کی دھمکی دی ہے۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ عمان نے آبنائے ہرمز میں امریکی کوششوں میں مداخلت کی تو حملہ کیا جائے گا۔ اس سے پہلے بھی مئی میں امریکی صدر نے عمان پر حملے کی دھمکی دی تھی۔ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی انتظامیہ نے پاسداران انقلاب کے ساتھ براہ راست پس پردہ رابطے کا راستہ قائم کرلیا۔

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امام حرمین شریفین شیخ عبدالرحمٰن السدیس کا حافظ طاہر اشرفی کو ٹیلی فون

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ امت مسلمہ کی وحدت وسلامتی کیلئے خیر کا سبب بنے گا، شیخ عبدالرحمٰن السدیس

اسلام آباد (این این آئی) امام حرمین شریفین فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالرحمٰن السدیس نے چیئرمین پاکستان علماء کونسل اور سیکرٹری جنرل انٹرنیشنل تعظیم حرمین شریفین کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ دونوں رہنماؤں نے عالم اسلام کی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے پروگرام کی سٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس

بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے منصوبوں کی نشاندہی میں مقامی آبادی کو شامل کیا جائے، نائب وزیراعظم کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے پروگرام (ایس اے پی) کی سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی جس میں پروگرام سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ بعد ازاں نائب

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو بیرونی سرپرستی اور مالی معاونت کے مزید شواہد سامنے آگئے

جدید طرز پر فلمائی گئی ویڈیو ثابت کرتی ہے کہ فتنہ الہندوستان کو بیرونی فنڈنگ اور تکنیکی سپورٹ حاصل ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) فتنہ الہندوستان کی سوشل میڈیا پر جدید طرز پر سینیمیٹک ویڈیو نے کئی حقائق ایک مرتبہ پھر آشکار کردیے ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق فتنہ الہندوستان کی جدید ڈرون زومز، مختلف زاویوں سے ریکارڈنگ، ہائی ڈیفینیشن کوریج اور

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

محمود خان اچکزئی سے رانا ثناء اللہ اور طارق فضل چوہدری کی ملاقات، وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان ممکنہ ملاقات پر مشاورت

[illegible] مشاورتی خط پر حکومت کا جواب دینے کا فیصلہ، وزیراعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات کے لیے جگہ کے تعین پر بھی بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) محمود خان اچکزئی کی دعوت پر وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما طارق فضل چوہدری نے اپوزیشن لیڈر سے ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ ناصر عباس بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ملکی سیاسی صورتحال، حکومت اور اپوزیشن کے درمیان رابطوں

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عمران خان کی صحت پر سرکاری رپورٹ تشویشناک، اہل خانہ سے مشاورت کے بعد اگلا لائحہ عمل دیں گے، سہیل آفریدی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ عمران خان کی صحت

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلاول بھٹو زرداری کا اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے صاحبزادے کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کے صاحبزادے ثناء اللہ خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت کیلئے انتہائی اہم، ملکی ترقی کیلئے ان کا تعاون ناگزیر ہے، عبدالعلیم خان

گڈز ٹرانسپورٹرز سے کامیاب مذاکرات، عبدالعلیم خان کے اعزاز میں کراچی میں پرتپاک استقبالیہ

کراچی (آن لائن) گڈز ٹرانسپورٹرز سے کامیاب مذاکرات کے بعد وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کے اعزاز میں کراچی میں استقبالیہ دیا گیا، جہاں ٹرانسپورٹرز نے ان کا پرتپاک استقبال کیا، نعرے لگائے اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت کے لیے انتہائی اہم ہیں اور ملکی ترقی کے لیے ان کا تعاون ناگزیر ہے۔ ضرورت پڑنے پر وہ خود سڑکوں پر کھڑے ہو کر ٹرانسپورٹرز کے مسائل کا جائزہ لیں

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

راجا ناصر عباس کے مطالبے پر سینیٹ میں بانی پی ٹی آئی کی صحت پر بحث

کیا ملک ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے یا انتقام کی؟ بانی پی ٹی آئی کو ذاتی معالجین سے ملوایا جائے، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس کے مطالبے پر بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے بحث ہوئی ہے۔ پیر کو اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس کے مطالبے پر سینیٹ اجلاس میں کارروائی معطل کردی گئی۔ سینیٹر راجہ

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے مکہ دفاعی معاہدے کی حمایت پر اظہار تشکر

پاکستان برادر ممالک سعودی عرب اور ترکیہ کیساتھ مل کر اپنے ممالک اور پورے خطے کے دفاع اور سلامتی کے لیے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے مکہ دفاعی معاہدے کی حمایت پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان برادر ممالک سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ مل کر اپنے ممالک اور پورے خطے کے دفاع

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

تناؤ اور بڑھ گیا، بنگلہ دیش کا شیخ حسینہ کی حوالگی تک بھارت سے دوری کا عندیہ

وزیراعظم طارق رحمان کا بھارت کا دورہ سابق وزیراعظم کی حوالگی سے مشروط کردیا گیا

ڈھاکا (آن لائن) بنگلہ دیش اور بھارت کے درمیان سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی حوالگی کا معاملہ ایک بار پھر سفارتی کشیدگی کا باعث بن گیا ہے۔ بھارتی جریدے دی ہندو کے مطابق بنگلہ دیش نے واضح کیا ہے کہ شیخ حسینہ اور دیگر مفرور ملزمان کی حوالگی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پشاور ہائیکورٹ کے چار مستقل ہونیوالے ججز نے حلف اٹھالیا

جسٹس فرح جمشید، جسٹس ثابت اللہ، جسٹس انعام خان اور جسٹس اورنگزیب خان شامل

پشاور (آن لائن) پشاور ہائیکورٹ کے چار مستقل ہونے والے ججز نے حلف اٹھالیا۔ حلف برداری کی تقریب پشاور ہائیکورٹ میں منعقد ہوئی جہاں چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے ججز سے حلف لیا۔ حلف اٹھانے والے ججز میں جسٹس

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران کے محافظ آپ کی ٹانگیں توڑ دیں گے، ایرانی آرمی چیف کی ٹرمپ کو دھمکی

آبنائے ہرمز کو امریکی علاقہ قرار دینے کے ٹرمپ کے بیان پر ایرانی آرمی چیف کا سخت بیان

تہران (این این آئی) ایران کے آرمی چیف میجر جنرل امیر حاتمی نے آبنائے ہرمز کو امریکی علاقہ قرار دینے کے ٹرمپ کے بیان پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی باتوں پر مذاق کرنا بھی بڑی غلطی ہے، کیونکہ یہ ایران ہے، اس کے محافظ آپ کی

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پائیدار امن عوام کے روشن اور خوشحال مستقبل کیلئے بنیادی شرط ہے، وزیر اعظم

ترکیہ اور پاکستان کے مکہ دفاعی معاہدے پر دستخط خوش آئند ہیں، تینوں ممالک کا یہ معاہدہ ایک اہم جرات مندانہ قدم ہے۔ مصر بھی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا حصہ بننا چاہتا ہے

برادر ملک سعودی عرب اور جمہوریہ ترکیہ کے ساتھ مل کر پاکستان برادر ممالک کے ساتھ ساتھ پورے خطے کے دفاع کو یقینی بنانے میں تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کے حوالے سے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حمایت بھرے اور حوصلہ افزا کلمات کو دل کی گہرائیوں سے سراہتا ہوں۔ اپنے سوشل میڈیا پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ برادر ملک سعودی عرب اور جمہوریہ ترکیہ کے ساتھ مل کر پاکستان برادر ممالک کے ساتھ ساتھ پورے خطے کے دفاع کو یقینی بنانے میں تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک بار پھر صدر ٹرمپ کی جرات مندانہ اور فیصلہ کن قیادت کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں، جس نے جنوبی ایشیا میں ایک جوہری تباہی کو ٹالنے اور لاکھوں جانیں بچانے میں مدد دی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پائیدار امن ہمارے عوام کے روشن اور خوشحال مستقبل کے لیے سب سے اہم

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی کی رہائش گاہ پر ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پاک ترک وزرائے خارجہ کا سفارتکاری اور مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی بجٹ شفافیت 2 سال میں 50 فیصد بہتر، سکور 30 سے بڑھ کر 45 ہوگیا' مشیر خزانہ

ایگزیکٹو بجٹ پروپوزل کا سکور 43 سے بڑھ کر 57 ہوگیا، اس میں 14 پوائنٹس کا اضافہ ہوا' خرم شہزاد

لاہور (این این آئی) مشیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کی بجٹ شفافیت میں صرف 2 سال کے دوران نمایاں بہتری آئی ہے اور آزادانہ طور پر کیے گئے جائزے کے مطابق ملک کا بجٹ شفافیت سکور 2023ء کے 30/100 سے بڑھ کر 2025ء میں

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سپر ٹیکس کیخلاف ٹیکس کریڈٹ کی ایڈجسٹمنٹ قانون کے مطابق جائز قرار

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی آئینی عدالت نے کارپوریٹ ٹیکس دہندگان کے حق میں بڑا فیصلہ سناتے ہوئے سپر ٹیکس کے خلاف ٹیکس کریڈٹ کی ایڈجسٹمنٹ کو قانون کے مطابق جائز قرار دے دیا ہے۔ جسٹس عامر فاروق نے 6 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلے میں اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے نجی موبائل کمپنی زونگ کی اپیلیں منظور کرلیں۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ فائلنگ اور [illegible]

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ ٹیلی کمیونیکیشن ترمیمی بل 2026 کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خطے کی بدلتی صورتحال میں بھارت نظر انداز، پاک چین شراکت داری مرکزی حیثیت اختیار کرگئی

مودی کی ناکام مخاصمانہ پالیسی کے باعث بھارت اسٹریٹجک طور پر کمزور اور سفارتی سطح پر تنہا ہوا ہے، ماہرین

نئی دہلی (این این آئی) پاکستان اور چین کی دن بدن مضبوط ہوتی شراکت داری نے جنوبی ایشیا میں بالادستی کے بھارتی خواب کو چکنا چور کر دیا۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق چین کی بڑھتی علاقائی موجودگی نے بھارت کے جنوبی ایشیا میں دہائیوں

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امریکا سے معاہدے کو طاقت سے آگے بڑھایا، ایران

مفاہمتی یادداشت طے کرتے ہوئے علی خامنہ ای کے وضع کردہ اصولوں کو مدِ نظر رکھا گیا، مسعود پزشکیان

مفاہمتی یادداشت ماہرین کے ساتھ تفصیلی مذاکرات کے بعد تیار کی گئی تھی، پاکستان کی ثالثی میں امریکا ایران کے درمیان ایم او یو پر 17 جون کو دستخط ہوئے تھے

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ حالیہ معاہدے کو طاقت کے ساتھ آگے بڑھایا، دشمنوں کے سامنے سر تسلیم خم نہیں کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تہران میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران وقار اور طاقت کے ساتھ امریکا سے امن مفاہمتی یادداشت تک پہنچا تھا۔ ایرانی صدر نے کہا کہ مفاہمتی یادداشت طے کرتے ہوئے علی خامنہ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حج 202ء کیلئے درخواستوں کی وصولی کی تاریخ تبدیل

حج درخواستیں پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر وصول کی جائیں گی

لاہور (این این آئی) حج 202ء کے لیے سرکاری اور نجی حج اسکیم کی درخواستوں کی وصولی کی تاریخ تبدیل کر دی گئی۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق حج درخواستیں اب آج 18 اگست سے وصول کی جائیں گی، درخواستیں اور اخراجات آن لائن بینکنگ برانچ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر بحری امور کا پورٹ قاسم میں 400 ایکڑ پر محیط اپیرل زون قائم کرنے کے منصوبے کا اعلان

منصوبے کے پہلے مرحلے سے 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد ملازمتیں پیدا ہونے اور تقریباً 2 ارب ڈالر کی سالانہ برآمدات متوقع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے پورٹ قاسم میں 400 ایکڑ پر محیط اپیرل زون (ملبوسات کی صنعت کا مرکز) قائم کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے اس منصوبے کے پہلے مرحلے سے 1 لاکھ 38 ہزار

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

افغان طالبان کے اقتدار کے پانچ سال، خواتین کے حقوق اور انسانی بحران پر عالمی تشویش

کابل (آن لائن) افغانستان میں طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے پانچ سال مکمل ہونے پر ملک کی سیاسی، معاشی اور انسانی صورتحال ایک بار پھر عالمی توجہ کا مرکز بن گئی ہے۔ بین الاقوامی میڈیا اور انسانی حقوق کے اداروں کی رپورٹس میں خواتین اور لڑکیوں پر عائد پابندیوں، معاشی مشکلات اور عوامی آزادیوں میں کمی پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ افغان طالبان اگست 2021 میں دوبارہ

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

24 کروڑ آبادی، صرف چار صوبے؛ پاکستان کے انتظامی ڈھانچے پر نئی بحث

روس کی 89 وفاقی اکائیوں کا حوالہ، پاکستان میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کی تجویز ایک بار پھر قومی بحث کا حصہ بن گئی

اسلام آباد/کراچی (این این آئی) پاکستان کی آبادی 24 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ ملک بنیادی طور پر چار بڑے صوبوں پر مشتمل ہے، ایسے میں موجودہ انتظامی ڈھانچے، گورننس اور عوام تک ریاستی خدمات کی رسائی کے حوالے سے نئے صوبوں یا انتظامی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جولائی میں تنخواہ دار طبقے سے ریکارڈ 44 ارب روپے انکم ٹیکس وصول

گزشتہ دو برس کے مقابلے میں رواں سال جولائی میں تنخواہ دار طبقے سے زیادہ ٹیکس جمع، انکم ٹیکس کی شرح میں کمی کے باوجود وصولی بڑھی

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے رواں مالی سال کے پہلے ہی ماہ جولائی میں تنخواہ دار طبقے سے گزشتہ دو برسوں کے مقابلے میں زیادہ انکم ٹیکس وصول کرلیا، رواں سال جولائی میں تنخواہ دار طبقے سے 44 ارب روپے ٹیکس

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اعظم نذیر تارڑ کی زیرِ صدارت رائٹ آف وے سے متعلق کمیٹی کا اجلاس، قانونی فریم ورک کا جائزہ لیا گیا

وفاقی وزیر کی وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن کو مجوزہ قانونی مسودے میں ممکنہ قانونی و عملی مسائل دور کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ ٹیلی کام انفراسٹرکچر کی ضروریات اور نجی ملکیتی حقوق کے درمیان مناسب توازن یقینی بنانا ضروری ہے۔ وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن ری آرگنائزیشن (ترمیمی) بل 2026 میں رائٹ آف

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ملک میں سولر کا بڑھتا رجحان، بجلی کی طلب میں 8.66 فیصد کمی

بجلی کی فروخت کم ہونے سے صارفین پر کیپسٹی ادائیگیوں کا بوجھ بڑھنے لگا، دستاویز

کراچی (این این آئی) ملک میں شمسی توانائی کے استعمال میں تیزی سے اضافے کے باعث قومی گرڈ سے بجلی کی طلب میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، گزشتہ سال کے مقابلے میں بجلی کی مجموعی طلب 8.66 فیصد کم ہوگئی جبکہ مختلف بجلی تقسیم کار کمپنیوں میں اپریل سے جون کے دوران بجلی کی فروخت میں 10 فیصد تک کمی سامنے آئی ہے۔ دستاویزات کے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت کی انڈونیشیا کے صدر، حکومت اور عوام کو ان کے یوم آزادی پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو، حکومت اور عوام کو ان کے یوم آزادی پر مبارکباد کا پیغام دیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق انڈونیشیا کے یوم آزادی پر اپنے تہنیتی خط میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ یہ تاریخی موقع انڈونیشیا کے عوام کے جذبے، استقامت اور عزم کے ساتھ آزادی کی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بانی پی ٹی آئی کی 1 آنکھ نارمل ہوچکی، اہلیہ سے 8 ملاقاتیں کروائیں، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی سپریم کورٹ میں رپورٹ جمع

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے بانی پی ٹی آئی کی صحت اور جیل میں ملاقاتوں سے متعلق 2 صفحات پر مشتمل رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ توہین عدالت کا کیس اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی سربراہی میں قائم بینچ پہلے ہی نمٹا چکا ہے جبکہ ہائی کورٹ کے فیصلے میں سلمان اکرم راجہ کی جانب سے عدالت میں دی گئی یقین دہانی کا بھی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران، امریکا جنگ؛ خلیجی اتحادی ٹرمپ سے مایوس، امریکی بیسز کی موجودگی پر سوالات اٹھانا شروع

جنگ ڈونلڈ ٹرمپ نے شروع کی اور اس کی قیمت ہم ادا کر رہے ہیں، امریکا کیخلاف غصہ بلند ترین سطح پر ہے، خلیجی عہدیدار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان جنگ طویل ہونے اور سفارتی حل نکالنے میں ناکامی پر خلیج کے اتحادی ممالک ڈونلڈ ٹرمپ سے مایوس ہو گئے ہیں اور بے چینی میں اضافہ ہو گیا ہے جبکہ بعض ممالک نے امریکی فوجی بیسز کی میزبانی جاری رکھنے کے حوالے سے سوالات اٹھانا شروع کردیے ہیں۔ امریکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق خلیجی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایرانی جوہری ہتھیاروں سے متعلق بھارتی جعلی پوسٹ نے نیتن یاہو و امریکی حکام کو گمراہ کردیا

یہ جعلی بیان پہلے بھارتی سماجی میڈیا اکاؤنٹس پر پھیلا، پھر اسرائیلی اکاؤنٹس اور ایک اسرائیلی ٹی وی چینل نے اسے شیئر کیا، امریکی اخبار

واشنگٹن (این این آئی) امریکی میڈیا پر دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ بھارت سے شروع ہونے والی ایک جھوٹی خبر نے ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق عالمی سطح پر غلط تاثر پیدا کیا اور عالمی رہنماؤں کو گمراہ کیا۔ امریکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق 5 اگست کو بھارت کے ایک گمنام سماجی میڈیا اکاؤنٹ سے دعویٰ کیا گیا کہ ایرانی پاسداران انقلاب کے کمانڈر

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ نے پاسداران انقلاب کیساتھ کرد صدر کے ذریعے خفیہ رابطے کیے، امریکی ویب سائٹ کا انکشاف

امریکی صدر کی انتظامیہ کے اہلکاروں نے ایران کے ساتھ مذاکرات کے دوران پاسداران انقلاب کی قیادت سے رابطے کیے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ویب سائٹ ایکسیوس نے انکشاف کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جنگ بندی کے لیے ایرانی اعلیٰ عہدیداروں سے مذاکرات کے دوران پاسداران انقلاب سے خفیہ رابطے کیے اور اس کے لیے کردستان ریجن کے صدر نے دونوں جانب سے پیغام رسانی کی اور امریکی خدشات کو دور

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور کشمیر کا رشتہ مشترکہ تاریخ، ثقافت اور مذہب سے بندھا ہوا ہے، صدر آزاد کشمیر

تاریخی قرارداد پاکستان کے ایک آزاد ریاست کے طور پر ابھرنے سے پہلے ہی کشمیری عوام کی امنگوں کی عکاسی کرتی ہے

کشمیری عوام نے اقوام متحدہ کے چارٹر اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق اپنی جدوجہد جاری رکھی ہے، خطاب

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے صدر چوہدری لطیف اکبر نے کہا ہے کہ کشمیر اور پاکستان کے درمیان صدیوں پرانا رشتہ مشترکہ تاریخ، ثقافت، مذہب اور روایات سے بندھا ہوا ہے اور کشمیری قیادت کی 19 جولائی 194 کی قرارداد اس کا سیاسی اظہار تھا جس میں پاکستان کے ساتھ الحاق کا مطالبہ کیا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق چوہدری لطیف اکبر نے ہائی کورٹ گراؤنڈ میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام نے اپنے حق خودارادیت سے انکار کو کبھی تسلیم نہیں کیا اور اقوام متحدہ کے چارٹر اور سلامتی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

غزہ، جنوبی غزہ کی پٹی کے وسطی خان یونس میں جلال اسٹریٹ کو اسرائیلی توپ خانے سے نشانہ بنائے جانے کے بعد دھواں اٹھ رہا ہے

آزاد کشمیر کے عوام کو اندھیروں سے نکالنا ہوگا، رانا ثناء اللہ

25 نشستوں پر کامیابی ملی ہے، مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر میں اکثریت سے اپنی حکومت بنائے گی، مخصوص نشستوں پر انتخابات کے بعد (ن) لیگ کو دو تہائی اکثریت حاصل ہوجائیگی

پنجاب جیسی ترقی کا آزاد کشمیر میں آغاز کریں گے، (ن) لیگ کو مینڈیٹ دینے پر آزاد کشمیر کے عوام کے شکر گزار ہیں، جو وعدے کیے ان کو پورا کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ 25 نشستوں پر کامیابی ملی ہے، مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر میں اکثریت سے اپنی حکومت بنائے گی مخصوص نشستوں پر انتخابات کے بعد (ن) لیگ کو دو تہائی اکثریت حاصل ہو جائیگی، پنجاب جیسی ترقی کا آزاد کشمیر میں آغاز کریں گے، (ن) لیگ کو مینڈیٹ دینے پر آزاد کشمیر کے عوام کے شکر گزار ہیں، جو وعدے کیے ان کو پورا کیا جائیگا۔ آزاد کشمیر میں دھرنا دینے والے شہری ہمارے بھائی ہیں، دھرنے میں ایک ڈیڑھ فیصد لوگ اشتعال انگیز عناصر کے ساتھ ہوں گے،

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی 30 اگست سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم اور ویکسینیشن سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اوتھل، ملاکھڑا کے فروغ کیلئے نشاندہی شدہ زمین ملھ ایسوسی ایشن کے حوالے کی جائے، عہدیداران کا مطالبہ

107 رجسٹرڈ پہلوانوں کے پاس پریکٹس کے لیے گراؤنڈ نہیں، حکومت فوری سرپرستی کرے، ترجمان ملھ ایسوسی ایشن لسبیلہ

اوتھل (یو این اے) ملھ ایسوسی ایشن لسبیلہ کے عہدیداران نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ لسبیلہ کے ملھ پہلوانوں کی پریکٹس، تربیت اور قدیم ثقافتی کھیل ملاکھڑا کے فروغ کے لیے نشاندہی کی گئی سرکاری زمین فوری طور پر ایسوسی ایشن کے حوالے کر کے گراؤنڈ کے طور پر مختص کی جائے۔ ملھ ایسوسی ایشن لسبیلہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایسوسی ایشن 1996 سے اسپورٹس کونسل میں رجسٹرڈ ایک قدیم تنظیم ہے، جس کے 107 ملھ پہلوان رجسٹرڈ ہیں۔ تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں رجسٹرڈ کھلاڑی ہونے کے باوجود ان کی روزانہ کی پریکٹس کے لیے کوئی مستقل گراؤنڈ موجود نہیں، جس کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ملھ پہلوانوں کے لیے ایک مناسب سرکاری زمین کی نشاندہی کی جا چکی ہے۔

سیاسی جماعتیں عوامی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ تحریک چلائیں، حلیم صادق

کوئٹہ میں گیس، بجلی اور پانی کے بحران کی وجہ سے شہری عذاب میں مبتلا ہیں، صوبائی جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان نے کوئٹہ میں گیس، بجلی اور پانی کے سنگین بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام قومی و صوبائی سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ تحریک شروع کی جائے۔ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کوئٹہ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں بجلی، گیس اور پانی کے بحران نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے اور عوام شدید مشکلات و اذیت سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شدید گرمی کے موسم میں گھنٹوں بجلی کی بندش نے شہریوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کر رکھا ہے، جبکہ گیس کی لوڈ شیڈنگ اور کم پریشر کے باعث گھریلو صارفین کو بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ دوسری جانب پانی کی عدم دستیابی نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی ضروریات زندگی کی مسلسل عدم دستیابی کسی بھی مہذب معاشرے کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام عرصہ دراز سے بجلی، گیس اور پانی کے مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔

ڈھاڈر، مچھ اور بھاگ میں عطائی ڈاکٹروں کا راج، انسانی جانوں سے کھیلنے کا انکشاف

ہیلتھ کیئر کمیشن اور ضلعی انتظامیہ کے تحرک کا فقدان، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور سیکرٹری صحت سے فوری ایکشن کا مطالبہ

بولان (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کچھی بولان کے شہروں ڈھاڈر، مچھ اور بھاگ کے علاقوں میں عطائی ڈاکٹروں کا راج قائم ہو چکا ہے جہاں نان کوالیفائیڈ افراد انسانی جانوں سے کھیلنے لگے ہیں محکمہ صحت اور دیگر حکام کی عدم توجہی کے باعث نہ صرف شہروں بلکہ دیہی علاقوں میں بھی عطائیت کا سیلاب زور و شور سے جاری ہے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سیکرٹری صحت اور ڈی جی ہیلتھ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبات کیا ہے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں کا کہنا تھا کہ ہیلتھ کیئر کمیشن کی پابندیوں کے باوجود میڈیکل اسٹورز پر غیر معالجانہ پریکٹس اور عطائی کلینکس با خوف و خطرہ چل رہے ہیں جبکہ مبینہ طور پر بعض حکومتی عہدیداروں کی سرپرستی بھی انہیں حاصل ہے عوام اور میڈیا کی نشاندہی پر چند دنوں کے لیے سیل کیے جانے والے کلینکس دوبارہ کھل جاتے ہیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کیا قانون انہیں اس کی اجازت دیتا ہے یا یہ عملہ صحت کے لیے مستقل آمدنی کا ذریعہ بن چکا ہے۔

درخت کرۂ ارض پر حیات کی بقا اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے ناگزیر ہیں

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے جنگلات کا تحفظ اور وسیع پیمانے پر شجرکاری ضروری ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ درخت ماحول کے تحفظ، ماحولیاتی توازن کے قیام اور صاف و صحت مند ماحول اور حیات کی بقا کیلئے ناگزیر ہیں، پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی، بڑھتے ہوئے درجہ حرارت، پانی کی کمی، ماحولیاتی آلودگی اور سیلاب جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے جن سے مؤثر انداز میں نمٹنے کیلئے شجرکاری کے فروغ اور جنگلات کے رقبے میں اضافے کو قومی ترجیحات میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شجرکاری کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا، جو ہر سال 18 اگست کو ملک بھر میں منایا جاتا ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ درخت نہ صرف فضا کو صاف رکھنے، آکسیجن کی فراہمی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کو جذب کرنے اور زمین کے کٹاؤ کی روک تھام کیلئے مددگار ثابت ہوتے ہیں، بارش کے پانی کو زمین میں جذب کرنے، آبی ذخائر کے تحفظ اور حیاتیاتی تنوع کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کی بے دریغ کٹائی اور سبز رقبے میں کمی سے زمین کی

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

لورالائی میں وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ یوم آزادی کے دو روزہ تقریب کے کامیاب انعقاد پر افسران سے اظہار تشکر کر رہے ہیں

ژوب، لوکل کونسلز کے فنڈز بندش کیخلاف 19 اگست سے صوبہ بھر میں میونسپل سروسز معطل کرنے کا اعلان

7 روزہ الٹی میٹم ختم ہونے پر فیصلہ، نان سیلری و ڈویلپمنٹ فنڈز جاری نہ ہوئے تو ذمہ دار حکومت ہوگی، لوکل کونسلز فورم

ژوب (یو این اے) بلوچستان لوکل کونسلز فورم نے حکومت کی جانب سے لوکل کونسلز کے نان سیلری اور ڈویلپمنٹ فنڈز کی بندش، لوکل کونسل فنڈز کمیشن کا اجلاس تاحال منعقد نہ ہونے اور دیگر جائز مطالبات پر عملی پیش رفت نہ ہونے پر 19 اگست سے صوبے بھر میں میونسپل سروسز بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔ فورم کے نمائندگان نے کہا کہ 6 اگست کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے ذریعے حکومت کو اپنے مطالبات کی منظوری کے لیے 7 روزہ الٹی میٹم دیا گیا تھا، لیکن مقررہ مدت گزرنے کے باوجود نہ تو مطالبات منظور کیے گئے اور نہ ہی لوکل کونسل فنڈز کمیشن کا اجلاس منعقد کیا گیا۔ فورم کے مطابق لوکل کونسل فنڈز کمیشن کا اجلاس بروقت منعقد نہ ہونے اور نان سیلری و ڈویلپمنٹ فنڈز کے اجرا میں تاخیر کے باعث صوبے بھر کی لوکل کونسلز شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ اس صورتحال کے باعث صفائی ستھرائی، کچرے کی صفائی، نکاسی آب، سڑکوں کی دیکھ بھال، فائر بریگیڈ اور دیگر میونسپل سروسز کی فراہمی متاثر ہو رہی ہے۔ بلوچستان لوکل کونسلز فورم نے واضح کیا ہے کہ اگر حکومت نے فوری طور پر لوکل کونسل فنڈز کمیشن کا اجلاس طلب کر کے نان سیلری و ڈویلپمنٹ فنڈز کے اجرا سمیت دیگر جائز مطالبات منظور نہ کیے تو 19 اگست 2026 سے صوبے بھر میں میونسپل سروسز بند کرنے پر مجبور ہوں گے۔

کوئٹہ، پولیس کی مختلف کارروائیاں، چوروں اور غیر قانونی مقیم افغان باشندوں سمیت متعدد ملزمان گرفتار

مسروقہ موٹر سائیکلز، اسلحہ برآمد، بغیر نمبر پلیٹ موٹر سائیکلوں اور کالے شیشوں کے خلاف بھی بلا امتیاز ایکشن

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ پولیس نے اشتہاری، مطلوب، کرایہ داری ایکٹ، اسنیچرز اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں سمیت غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 2 موٹر سائیکل چوروں سمیت 5 ملزمان جبکہ 26 افغان باشندوں، 19 نشے کے عادی افراد کو گرفتار کر لیا، جبکہ 25 بغیر نمبر کی موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی کی اور درجنوں گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر بجلی روڈ پولیس نے ایس ایچ او مجاہد ملغانی کی قیادت میں کارروائی کرتے ہوئے 2 موٹر سائیکل چور سمیع اللہ اور محی الدین کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکلیں، پستول بمعہ راؤنڈ برآمد کر لیے اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزم ستار کو گرفتار کر لیا، جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 18 افغان باشندوں اور 19 نشے کے عادی افراد کو حراست میں لے لیا۔ ہزارہ ٹاؤن پولیس نے نامزد ملزم غوث بخش اور غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 4 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا، جبکہ کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ اس کے علاوہ ایس ایچ او شالکوٹ علاول شاہ نے کارروائی کرتے ہوئے کرایہ داری ایکٹ میں ملوث نصیب اللہ اور غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 4 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا۔

کوہلو، نیوکلی کے مکین مہینوں سے پینے کے صاف پانی سے محروم، شدید بحران جنم لے گیا

واٹر سپلائی اسکیموں کی لوکیشن تبدیلی کی تحقیقات کی جائیں، مسئلہ حل نہ ہوا تو احتجاج کریں گے، شہریوں کی تنبیہ

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو کے سب سے گنجان آباد علاقے نیوکلی کے مکین گزشتہ کئی ماہ سے پینے کے صاف پانی کی شدید قلت کا سامنا کر رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے افسران اور متعلقہ عملہ مسئلے کے حل کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کر رہا، جس کے باعث عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق نیوکلی کے رہائشیوں نے پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بنیادی ضرورت کے پانی کے حصول کے لیے انہیں سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے اعلان کیا ہے کہ مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں وہ اپنے آئینی و قانونی حق کے تحت پرامن احتجاج کریں گے۔ شہریوں کا مزید کہنا تھا کہ پی ایس ڈی پی کے تحت کروڑوں روپے کی لاگت سے بننے والی واٹر سپلائی اسکیموں کے مقامات تبدیل کیے جانے سے منصوبوں کے اصل مقاصد متاثر ہو رہے ہیں۔

نئے صوبوں کے قیام کا معاملہ محض بیانات تک محدود نہیں رہنا چاہیے، مصطفیٰ کمال

جو کروانے والے ہیں وہ نئے صوبوں کا کام بھی کروالیں گے، پیپلز پارٹی کو جہاں سے معاملہ شروع ہوا وہاں احتجاج کرنا چاہیے، وفاقی وزیر صحت

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت اور متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر رہنما سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق آئینی ترمیم اچانک سامنے آ سکتی ہے اور رانا ثناء اللہ کو اس کا پتہ بھی نہیں چلے گا، جو لوگ یہ کام کروانے والے ہیں وہ نئے صوبوں کا معاملہ بھی آگے بڑھا سکتے ہیں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ کو چاہیے کہ وہ بتائیں کہ کیا 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم بھی کابینہ میں تفصیلی بحث کے بعد سامنے آئی تھیں؟ ان کے مطابق ان ترامیم کا علم بھی کابینہ کے ارکان کو اس وقت ہوا تھا جب ان پر ووٹ دینے کا مرحلہ آ چکا تھا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کا معاملہ محض بیانات تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ اس حوالے سے عملی پیش رفت بھی ہو سکتی ہے۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر پارٹی کو نئے صوبوں کے معاملے پر اعتراض ہے تو اسے وہاں جا کر ناراضی کا اظہار کرنا چاہیے جہاں سے یہ معاملہ شروع ہوا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "جو کروانے والے ہیں، وہ یہ کام بھی

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوہلو، ضلعی افسران کی عدم موجودگی عوام کے لیے وبال جان بن گئی، سرکاری امور ٹھپ

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں اپنے جائے تعیناتی سے ضلعی افسران کی عدم موجودگی عوام کے لیے وبال جان بن گئی، کاہان، ماوند اور گرسنی سمیت دور دراز علاقوں سے آنے والے شہریوں نے ضلعی افسران کی عدم دستیابی اور سرکاری امور میں تاخیر کے حوالے سے شکایات کے انبار لگا دیے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو کے مختلف علاقوں سے شہری اپنے مسائل کے حل اور سرکاری امور کی انجام دہی کے لیے ضلعی ہیڈ کوارٹر کا رخ کرتے ہیں، تاہم متعدد محکموں کے افسران کی اپنے جائے تعیناتی پر عدم موجودگی کے باعث انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ دور دراز علاقوں سے کئی گھنٹوں کا سفر طے کر کے کوہلو پہنچنے کے بعد متعلقہ افسر کی عدم موجودگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس سے نہ صرف قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ سفری اخراجات بھی برداشت کرنا پڑتے ہیں۔

ژوب، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، انجمن تاجران کے وفد کی ایس ڈی او کیسکو سے ملاقات

ژوب (یو این اے) آج مرکزی انجمن تاجران ژوب ضلعی صدر باران کلیوال، جنرل سیکرٹری حاجی محمد دین خروٹی، سینئر نائب صدر حبیب الرحمٰن کاکڑ نے ایس ڈی او QESCO سے ملاقات کی۔ ملاقات میں شہر میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور کم وولٹیج کے مسائل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ تاجران نے کہا کہ طویل لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے کاروبار شدید متاثر ہو رہا ہے اور عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انجمن تاجران کے وفد نے ایس ڈی او سے مطالبہ کیا کہ شہر کو فوری طور پر اضافی بجلی فراہم کی جائے اور لوڈ شیڈنگ کے دورانیے میں کمی کی جائے تاکہ تاجروں اور شہریوں کو ریلیف مل سکے۔ ایس ڈی او QESCO نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ ان کے مطالبات اعلیٰ حکام تک پہنچائے جائیں گے اور بجلی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

اورماڑہ، غیر رجسٹرڈ اسپیڈ بوٹس کی رجسٹریشن، لائسنس کی تجدید اور ماہی گیری کارڈز حاصل کرنا لازمی قرار

اورماڑہ (یو این اے) غیر رجسٹرڈ اسپیڈ بوٹس کی رجسٹریشن، لائسنس کی تجدید اور ماہی گیری کارڈز کا حصول لازمی قرار۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز اورماڑہ الٰہی داد بلوچ کی جانب سے علاقے میں قائم موجودہ سیکورٹی صورتحال اور اعلیٰ سطحی اجلاس کے فیصلوں کے پیش نظر تمام ماہی گیری اسپیڈ بوٹ مالکان اور ماہی گیروں کے لیے اہم ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ جاری کردہ سرکاری اعلامیے کے مطابق اورماڑہ کی سمندری حدود میں چلنے والی تمام ایسی اسپیڈ بوٹس جن کا رجسٹریشن محکمہ فشریز اورماڑہ میں درج نہیں ہے ان کے مالکان کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ دو ہفتوں کے اندر تمام ضروری دستاویزات دفتر میں جمع کروا کر اپنی بوٹس کا اندراج کروائیں اور باقاعدہ ماہی گیری لائسنس حاصل کریں۔ رجسٹریشن کا عمل مکمل ہونے کے بعد تمام مالکان کو الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر اپنی بوٹس پر نمایاں اور واضح جگہ پر چسپاں کرنا لازمی ہوگا جبکہ پہلے سے رجسٹرڈ بوٹ مالکان بھی اپنے الاٹ شدہ نمبر بوٹ پر تحریر کرنے کے پابند ہوں گے۔ علاوہ ازیں محکمہ فشریز نے واضح کیا ہے کہ جن بوٹ مالکان کے پاس سال 2026 کے لائسنس کی تجدید باقی ہے وہ فوری طور پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز کے دفتر سے تجدید کروائیں۔

بھاگ، میونسپل کمیٹی اور انتظامیہ کی عدم توجہی سے قبرستانوں کی حالت زار ابتر، قبروں کی بے حرمتی جاری

بھاگ (یو این اے) میونسپل کمیٹی اور انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث بھاگ شہر کے قبرستانوں میں گندگی ڈھیر اور نکاسی آب کا نظام مفلوج ہونے سے قبروں کی بے حرمتی کا سلسلہ تھم نہ سکا۔ شہر کے مختلف قدیمی قبرستان شہنشاہ حیدر شاہ، صوفی شاہ صابر شاہ سمیت شہر بھر میں صفائی کی صورتحال انتہائی خراب ہو چکی ہے۔ نکاسی آب کے مستقل حل نہ ہونے کے باعث سینکڑوں گھروں کا پانی حیدر شاہ قبرستان کے ساتھ آبادی کے قریب جمع ہو کر گہرے اور خطرناک جوہڑ کی شکل اختیار کر گیا ہے جس سے خصوصاً بچوں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ قبرستانوں کی چاردیواری نہ ہونے سے آوارہ کتوں نے قبرستانوں کو مسکن بنا لیا ہے۔ سینکڑوں قبریں زمین بوس ہو چکی ہیں اور قبروں سے مٹی ہٹ چکی ہے، لیکن انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے بگڑتی ہوئی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اب تک کوئی اقدام نہیں کیے گئے ہیں۔ شہری حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کچھی مقامی انتظامیہ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی اور دیگر اعلیٰ حکام سے نوٹس لے کر شہر کے قبرستانوں کی حالت زار کو بہتر بنانے، گندگی ڈھیروں صاف اور قبروں کو بے حرمتی سے بچانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بلوچستان میں مسلح افراد کی کوچ پر لوٹ مار، مسافروں سے نقدی و موبائل فون چھین لیے

کوچ مالکان کا احتجاج، کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ مذاکرات کے بعد بحال

قلات (یو این اے) اتوار اور پیر کی درمیانی شب ٹول پلازہ کے قریب مسلح افراد نے انور موورز کی کوچ کو روک کر گن پوائنٹ پر مسافروں سے نقدی، موبائل فونز اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا اور فرار ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعے کے خلاف کوچ مالکان نے احتجاج کرتے ہوئے مندوے کے مقام پر کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا، جس کے باعث شاہراہ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ بعد ازاں ایس ایچ او سٹی قلات میر نذیر احمد عمرانی اور کوچ مالکان کے درمیان کامیاب مذاکرات ہوئے، جس کے بعد احتجاج ختم کر دیا گیا اور کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ٹریفک بحال کر دی گئی۔

پنجگور، نیشنل پارٹی عوام کے وسیع تر مفادات کی خاطر جدوجہد کر رہی ہے، آغا شاہ حسین بلوچ

پارٹی کا محور مظلوم عوام ہیں، نوجوان فکری و جمہوری جدوجہد کا حصہ بنیں، رہنما نیشنل پارٹی

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے رہنما آغا شاہ حسین بلوچ نے کہا ہے کہ وہ خدمت خلق کے جذبے کو لیکر نیشنل پارٹی میں شامل ہوئے ہیں کیونکہ نیشنل پارٹی بلوچستان کے عوام کی وسیع تر مفادات کی خاطر جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کی سیاست کا محور بلوچستان کے مظلوم عوام ہیں جنہیں ظلم جبر اور ناانصافی سے نجات دلانے کی خاطر سیاسی اور شعوری بنیاد پر پارلیمنٹ اور پارلیمنٹ سے باہر جدوجہد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی دانشوروں کی جماعت ہے جہاں فکری بنیاد پر ورکروں کی تربیت کی جاتی ہے تاکہ وہ جمہوری بنیاد پر اپنے حقوق کے حصول کی خاطر ہر فورم پر بات کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ میں تمام نوجوانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس فکری جمہوری اور قوم پرست جماعت میں شامل ہو کر بلوچستان میں بسنے والے مظلوم طبقات کی نمائندگی کریں۔

حب میں کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء سیف ٹی اور حب ماسٹر پلان پروجیکٹ سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اوتھل، گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول میں کلسٹر بجٹ کے تحت مستحق طلبہ میں تعلیمی سامان تقسیم

تعلیم انسان کیلئے زیور ہے، لسبیلہ یونیورسٹی میٹرک اور ایف ایس سی کے لیے 6 رضاکار اساتذہ فراہم کرے گی، پروفیسر نصر اللہ ہنگورئی

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں کلسٹر بجٹ 2025-26 کے تحت خریدے گئے سامان، اسٹیشنری، اسکول بیگز اور دیگر ضروری اشیا مستحق طلبہ میں تقسیم کی گئیں۔ تقریب میں فیکلٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز اوتھل کے پروفیسر ڈاکٹر نصر اللہ ہنگورئی، ایس ایچ او اوتھل عبدالوحید گچکی، اے ایس آئی محمد ہاشم شاہوک، پرنسپل گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل محمد سلیم سرپرہ، وائس پرنسپل ڈاکٹر شبیر احمد ملغانی، اساتذہ اور دیگر افراد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران پروفیسر ڈاکٹر نصر اللہ ہنگورئی، ایس ایچ او اوتھل عبدالوحید گچکی اور پرنسپل محمد سلیم سرپرہ نے مستحق طلبہ میں مطالعاتی و تحریری سامان، اسٹیشنری، اسکول بیگز اور دیگر ضروری سامان تقسیم کیا۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر نصر اللہ ہنگورئی نے کہا کہ تعلیم انسان کے لیے ایک زیور ہے اور علم حاصل کرنا ہر شہری کا اولین فرض ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا جائے تاکہ وہ مستقبل میں شعور حاصل کر کے معاشرے میں اعلیٰ مقام حاصل کر سکیں۔

کوئٹہ، ایم ڈبلیو ایم اور ملی یکجہتی کونسل کے وفد کی مولانا ہدایت الرحمٰن سے ملاقات، امیر العظیم کی وفات پر تعزیت

بلوچستان میں امن و امان کی ابتر صورتحال تشویشناک، تمام اسٹیک ہولڈرز مل کر باہمی مشاورت کریں، علامہ مقصود ڈومکی

کوئٹہ (یو این اے) ملی یکجہتی کونسل بلوچستان کے صوبائی نائب صدر اور مجلس وحدت مسلمین کے مرکزی رہنما علامہ مقصود علی ڈومکی اور صوبائی صدر علامہ سہیل اکبر شیرازی کی وفد کے ہمراہ جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ سے ملاقات، جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما مرحوم امیر العظیم کی وفات پر تعزیت، بلوچستان کی امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال۔ کوئٹہ مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے مرکزی رہنما علامہ مقصود علی ڈومکی اور مجلس وحدت مسلمین بلوچستان کے صوبائی صدر علامہ سہیل اکبر شیرازی نے ایک وفد کے ہمراہ جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی امیر، رکن صوبائی اسمبلی اور ملی یکجہتی کونسل بلوچستان کے صوبائی صدر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ سے الفلاح ہاؤس میں ملاقات کی۔ اس موقع پر جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی نائب امیر اور جمعیت اتحاد العلماء بلوچستان کے صوبائی صدر مولانا ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی نائب امیر محمد عارف دمڑ، سلطان علی، جامع مسجد کوئٹہ کے خطیب، ملی یکجہتی کونسل بلوچستان کے صوبائی نائب صدر مولانا انوار الحق حقانی سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔

سیوی، کھاد اور زرعی پانی کی عدم فراہمی پر زمیندار ایکشن کمیٹی کا ڈی سی دفتر کے سامنے دھرنا

کپاس کی فصل اہم مرحلے میں ہے، مطالبہ تسلیم نہ ہوا تو ہائی وے بلاک کریں گے، سردار ابراہیم باروزئی

سیوی (یو این اے) زمیندار ایکشن کمیٹی نے کھاد اور زرعی پانی کی عدم فراہمی کے خلاف ڈپٹی کمشنر سیوی کے دفتر کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے دھرنا دیا۔ احتجاج کی قیادت سردار ابراہیم خان باروزئی نے کی، جبکہ مظاہرے میں سیوی کے مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں زمینداروں نے شرکت کی۔ مظاہرین نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے فوری طور پر کھاد کی ترسیل بحال کرنے اور زرعی زمینوں تک پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر سردار ابراہیم خان باروزئی اور دیگر زمیندار رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ زمیندار پہلے ہی مختلف مشکلات سے دوچار ہیں، جبکہ کھاد کی ترسیل میں رکاوٹ اور زرعی پانی کی قلت نے فصلوں کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زمینداروں کی فصلیں اس وقت اہم مرحلے میں داخل ہو چکی ہیں اور بالخصوص کپاس کی فصل پھولوں کے مرحلے میں ہے، جسے بروقت کھاد اور پانی کی اشد ضرورت ہے۔ سردار ابراہیم خان باروزئی نے کہا کہ ایسے وقت میں کھاد کی ترسیل بند ہونا زمینداروں کے لیے ناقابل قبول ہے۔

زیارت میں صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ اور ڈپٹی کمشنر عبداللہ القدوس اچکزئی شہدائے زیارت کے چہلم کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

وندر، بھوتانی برادران حب لسبیلہ کے حقیقی وارث ہیں، انہوں نے ہمیشہ عوام کے حقوق کا دفاع کیا، وڈیرہ سلیم کاکانی

جنگلی محلہ سونمیانی میں کارنر میٹنگ کا انعقاد، بھوتانی عوامی کارواں کا پیغام گھر گھر پہنچانے کا عزم

وندر (یو این اے) بھوتانی برادران حب لسبیلہ کے حقیقی وارث ہیں انہوں نے ہر مشکل وقت میں عوام کے حقوق کا دفاع کیا ہے۔ بھوتانی برادران نے اقتدار کے بجائے ہمیشہ عوام کی خدمت کو ترجیح دی ہے عوام کے ساتھ ان کا رشتہ صرف ووٹ کا نہیں بلکہ پیار محبت اور خلوص کا رشتہ ہے جو ہمیشہ قائم و دائم رہے گا۔ بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنما وڈیرہ سلیم کاکانی کی سربراہی میں جنگلی محلہ سونمیانی میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے وڈیرہ سلیم کاکانی، وڈیرہ عبدالستار انگاریہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھوتانی عوامی کارواں کے پلیٹ فارم سے کارنر میٹنگز اور عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے اور ان شاء اللہ سونمیانی وندر کے مختلف گوٹھوں گلی محلوں میں بھی کارنر میٹنگز کا انعقاد کر کے عوام تک بھوتانی برادران کا پیغام گھر گھر پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی رابطہ مہم کو مزید منظم اور فعال بنایا جا رہا ہے۔

بیلا، آوارہ و باؤلے کتوں کی یلغار، سول اسپتال میں اینٹی ریبیز ویکسین ناپید ہونے سے شہری پریشان

کتوں کے کاٹنے کے واقعات میں تشویشناک اضافہ، ڈی ایچ او لسبیلہ اور ایم ایس سے اینٹی ریبیز انجکشنز کی فوری فراہمی کا مطالبہ

بیلا (یو این اے) باؤلے کتوں کی یلغار، کتوں کے کاٹنے کے واقعات میں تشویش ناک اضافہ، سول اسپتال بیلا میں اینٹی ریبیز انجکشنز دستیاب نہیں، انجکشنز کی عدم دستیابی پر شہریوں کی تشویش۔ تفصیل کے مطابق بیلا شہر اور مضافاتی علاقوں میں آوارہ باؤلے کتوں کی یلغار و بھرمار کے سبب کتوں کے کاٹنے کے واقعات میں متعدد افراد کے شدید زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں، واقعات میں تشویش ناک اضافے اور سول اسپتال بیلا میں کتوں کے کاٹنے کے انجکشنز (اینٹی ریبیز) کی عدم دستیابی پر عوامی حلقوں اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آوارہ باؤلے کتوں کی روک تھام اور خاتمے کے لیے اقدامات نہ ہونا متعلقہ ذمہ داران کی چشم پوشی کا واضح ثبوت ہے، سول اسپتال میں فوری اور ضروری اینٹی ریبیز انجکشنز دستیاب نہیں جبکہ بازار کے میڈیکل اسٹورز پر یہ انجکشنز ناپید ہیں جس کے باعث صورتحال انتہائی تشویشناک اور پریشان کن ہے۔

نظام کی خرابی دور کرنے کے بجائے عوام کو کچلا جاتا ہے، حافظ نعیم الرحمن

دھرنے کو کم از کم 8 روز تک بلا تعطل جاری رکھنے کی منصوبہ بندی کر لی، ہر روز تازہ دم کارکنان شریک ہوں گے

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام پیٹرولیم مصنوعات پر عائد بھاری لیوی کے خلاف احتجاجی دھرنا دوسرے روز بھی جاری رہا، پولیس کی جانب سے چیئرنگ کراس چوک میں دھرنے کے مقام کے اطراف میں بیریئر لگا دیئے جبکہ اطراف میں بھاری نفری تعینات رہی۔ دھرنے کی وجہ سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا نظام معطل کا شکار رہا۔ ذرائع کے مطابق جماعت اسلامی نے دھرنے کو کم از کم 8 روز تک بلا تعطل جاری رکھنے کی منصوبہ بندی کر لی ہے، اس سلسلے میں دھرنے کے شرکاء کے لیے کھانے پینے کے وسیع انتظامات کے ساتھ ساتھ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ادویات کا اسٹاک بھی مکمل کر لیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق دھرنے کی وسعت کو برقرار رکھنے کے لیے پورے پنجاب سے کارکنان کی مرحلہ وار شرکت کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اس مقصد کے لیے صوبہ پنجاب کے عہدیداران کو دن کے حساب سے باقاعدہ ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں تاکہ دھرنے میں ہر روز نئی نفری اور کارکنان کی بڑی تعداد موجود رہے۔ علاوہ ازیں امیر جماعت اسلامی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں عوامی نیشنل پارٹی (ANP) کے زیر اہتمام شہدائے 8 اگست کی یاد میں تعزیتی ریفرنس، جس سے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی خطاب کر رہے ہیں

پنجگور، تحصیل پروم سے شخص کی لاش برآمد، شناخت قدیر ولد قادر بخش کے نام سے ہوئی

پنجگور (یو این اے) پنجگور کی تحصیل پروم سے ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، جسے پولیس نے فوری طور پر تحویل میں لے کر جائیں پروم ہسپتال منتقل کر دیا۔ ہسپتال میں کارروائی کے دوران مقتول کی شناخت قدیر ولد قادر بخش، ساکن سلو بلیدہ کے نام سے ہوئی۔ علاقائی ذرائع کے مطابق مقتول کا تعلق پروم (ریش پیش) اور بلیدہ سے بتایا جاتا ہے اور وہ دونوں طور پر بھی مقیم نہیں تھا۔ مقتول پروم سے بلیدہ کی طرف روانہ ہوا تھا جہاں اس کی لاش برآمد ہوئی۔ پولیس نے ضروری قانونی کارروائی کے بعد لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا ہے۔

کوئٹہ، مشرقی بائی پاس پہاڑ شین غر سے لاپتہ حمید اللہ کی لاش برآمد

کوئٹہ (یو این اے) مشرقی بائی پاس کے پہاڑ شین غر سے گزشتہ جمعرات سے لاپتہ ہونے والے شخص حمید اللہ ولد یار محمد کی لاش برآمد کر لی گئی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ حمید اللہ پہاڑ پر جڑی بوٹیاں حاصل کرنے گیا تھا جس کے بعد وہ پراسرار طور پر لاپتہ ہو گیا تھا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی بلوچستان اسٹار شاہین مانیٹرنگ ایسوسی ایشن کی ریسکیو ٹیم نے علاقے میں ریسکیو آپریشن شروع کیا۔ ٹیم نے انتہائی خطرناک اور دشوار گزار چٹانوں کی تلاش کے بعد لاپتہ حمید اللہ کی لاش برآمد کر کے تمام ضروری اقدامات کے بعد لواحقین کے حوالے کر دی۔

صحبت پور، ضلعی ہیڈکوارٹر میں تجاوزات کی بھرمار، مین روڈ اور نکاسی نالے پر تاجروں کے قبضے سے شہری پریشان

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلعی ہیڈ کوارٹر سمیت ضلع بھر میں ناجائز تجاوزات کی بھرمار نے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی ہیڈ کوارٹر میں دکانداروں نے مین روڈ پر تین سے چار فٹ تک تجاوزات قائم کر رکھی ہیں، جبکہ فروٹ اور سبزی فروشوں نے نکاسی آب کے نالوں پر قبضے کر رکھے ہیں، جس کی وجہ سے گاڑیوں کی آمدورفت تو ایک طرف، خصوصاً سورج غروب ہونے کے وقت شہریوں کا پیدل چلنا بھی انتہائی دشوار ہو چکا ہے۔ شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ان طاقتور قبضہ مافیا کے خلاف بلا امتیاز اور فوری آپریشن کر کے مین روڈ اور نالیوں کو واگزار کرایا جائے۔

سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، حاجی خان محمد بڑیچ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی جیالوں کی جماعت ہے اور جیالوں نے ملک میں جمہوریت کی مضبوطی اور پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو اپنی رہائش گاہ پر ملاقات کرنے والے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی بلوچستان میں مخلوط صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔

کوئٹہ، جناح روڈ پر منشیات کے عادی افراد کی بھرمار، خواتین اور بچوں سمیت شہری و تاجر شدید تشویش میں مبتلا

سٹی تھانے کے احاطے میں منشیات کے عادی افراد کے جمع ہونے اور ہوٹل کے قیام کے الزامات، شفاف تحقیقات اور بحالی مراکز کے قیام کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی مصروف ترین جناح روڈ اور اس سے ملحقہ علاقوں میں منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں مبینہ طور پر مسلسل اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، جس کے باعث شہریوں، تاجروں اور بالخصوص خواتین و بچوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق جناح روڈ کے مختلف مقامات پر منشیات کے عادی افراد کھلے عام موجود رہتے ہیں اور بعض افراد مبینہ طور پر سرعام نشہ کرتے ہوئے بھی دکھائی دیتے ہیں۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ صورتحال اس حد تک سنگین ہو چکی ہے کہ خواتین بھی سرعام منشیات استعمال کرنے والے افراد میں شامل نظر آتی ہیں۔ شہریوں کے مطابق نشے کی لت میں مبتلا افراد کی موجودگی نہ صرف شہر کے مرکزی علاقوں کے ماحول کو متاثر کر رہی ہے بلکہ عوامی مقامات پر آنے جانے والے شہریوں کے لیے بھی تشویش کا باعث بن رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جناح روڈ کوئٹہ کا ایک اہم اور مصروف تجارتی و شہری مرکز ہے جہاں روزانہ بڑی تعداد میں لوگ خریداری، کاروباری امور اور دیگر کاموں کے لیے آتے ہیں۔ ایسے میں منشیات کے عادی افراد کا کھلے عام موجود رہنا اور مبینہ طور پر نشہ کرنا شہر کے مجموعی ماحول اور انتظامی نگرانی پر بھی سوالات اٹھا رہا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق منشیات کے عادی افراد کی جانب سے سڑکوں، فٹ پاتھوں اور دیگر عوامی مقامات پر ڈیرے ڈالنے کے باعث کئی شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بعض افراد نشے کی حالت میں سڑکوں کے کنارے بیٹھے یا لیٹے رہتے ہیں، جس سے پیدل چلنے والوں اور کاروباری مراکز میں آنے والے افراد کو بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

پشین، چوری اور منشیات کیخلاف پولیس کا بڑا کریک ڈاؤن، 6 مشتبہ افراد اور 3 ٹرک مسروقہ سامان برآمد

واپڈا کے چوری شدہ ٹرانسفارمرز و تاریں برآمد، منشیات کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں، ایس ڈی پی او عظمت شاہ

پشین (یو این اے) ایس ڈی پی او سید عظمت حسین شاہ گیلانی نے کہا کہ ایس ایس پی پشین نوید عالم کی خصوصی ہدایت پر پولیس نے اسپیشل نیٹ ورک کے ذریعے چوری کی وارداتوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے گزشتہ تین روز کے دوران مختلف وارداتوں میں ملوث چھ مشتبہ افراد گرفتار کر لیا گیا۔ سید عظمت شاہ نے بتایا کہ یہ گروہ مختلف مقامات سے موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور دیگر قیمتی اشیاء چوری کرنے میں سرگرم رہے، جبکہ بعض وارداتوں میں چوری شدہ سامان کی خرید و فروخت کا معاملہ بھی سامنے آیا ہے۔ وارداتوں سے متعلق معلومات اکٹھی کرنے کے بعد پولیس نے مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر تفتیش شروع کر دی ہے۔ یہ بات انہوں نے پولیس لائن پشین میں میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ڈی ایس پی (یو ٹیز) محمد اکبر، غضنفر بٹی، بتنیق الرحمٰن، ایس ایچ او چوہدری محمد ادریس سمیت واپڈا اہلکار شریک تھے۔ سید عظمت حسین شاہ گیلانی نے کہا کہ چوروں کا ایک منظم نیٹ ورک شہر اور اطراف میں سرکاری ٹیوب ویلوں سمیت مختلف مقامات سے واپڈا کے بجلی ٹرانسفارمرز اور تاریں چوری کرتے تھے، اطلاع ملنے پر پولیس ٹیم نے ایک گودام پر چھاپہ مار کر تین ٹرک مبینہ طور پر چوری شدہ بجلی کے ٹرانسفارمرز اور تاریں برآمد کر کے تین افراد کو گرفتار کر لیا۔ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ چوری شدہ موٹر سائیکلوں اور دیگر سامان کی برآمدگی کے لیے بھی کارروائیاں جاری ہیں۔

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر دشتی ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی حکومت کے قرضوں میں 18 ہزار 832 ارب روپے کا اضافہ

28 ماہ میں مقامی قرضہ 16 ہزار 766 ارب اور بیرونی قرضہ 2 ہزار 66 ارب روپے بڑھ گیا، دستاویز

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت کے قرضوں میں ابتدائی 28 ماہ کے دوران 18 ہزار 832 ارب روپے کا نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس کے بعد جون 2026 تک وفاقی حکومت کا مجموعی قرضہ بڑھ کر 83 ہزار 642 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی دستاویزات کے مطابق مارچ 2024 سے جون 2026 کے دوران وفاقی حکومت کے مقامی قرضے میں 16 ہزار 766 ارب روپے جبکہ بیرونی قرضے میں 2 ہزار 66 ارب روپے کا اضافہ ہوا۔ اس طرح 28 ماہ کے دوران حکومتی قرضوں میں اوسطاً روزانہ 22 ارب 40 کروڑ روپے سے زائد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دستاویزات کے مطابق نگران حکومت کے آخری مہینے فروری 2024 تک وفاقی حکومت کے مجموعی قرضے 64 ہزار 810 ارب روپے تھے، تاہم گزشتہ 28 ماہ کے دوران قرضوں میں ہونے والے اضافے کے بعد جون 2026 تک یہ رقم بڑھ کر 83 ہزار 642 ارب روپے ہو گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق فروری 2024 میں مرکزی حکومت کا مقامی قرضہ 42 ہزار 675 ارب روپے تھا، جو

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گنداخہ، اسفندیار خان کھرل کی ایم پی اے بننے پر چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی مبارکباد

یہ کامیابی عوام کے اعتماد کا ثبوت ہے، امید ہے حلقے میں ترقی کے نئے باب کا آغاز ہوگا، ڈاکٹر جاوید جمالی

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے اسفندیار خان کھرل کو PS-30 کمبٹ، صوبھو دیرو سندھ سے رکن صوبائی اسمبلی کی نشست پر شاندار کامیابی حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی کامیابی عوام کے اعتماد اور بھرپور حمایت کا واضح ثبوت ہے۔ مزید ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا کہ اسفندیار خان کھرل نے سیاسی جدوجہد اور عوامی رابطے کے ذریعے اپنے حلقے کے عوام کا اعتماد حاصل کیا، جس کا اظہار انہیں ملنے والے مینڈیٹ کی صورت میں سامنے آیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جانب سے منتخب ہو کر نمائندے پر اعتماد دراصل ایک بڑی ذمہ داری بھی عائد کرتا ہے، اس لیے کامیابی کے بعد عوامی خدمت کا سفر مزید مضبوط اور موثر انداز میں جاری رہنا چاہیے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اسفندیار خان کھرل بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی سندھ اپنے حلقہ انتخاب کی تعمیر و ترقی، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ بالخصوص تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، سڑکوں، روزگار اور دیگر بنیادی ضروریات کے منصوبوں کو ترجیح دے کر عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں گے۔ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا کہ کسی بھی علاقے کی پائیدار ترقی کے لیے عوامی نمائندوں، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون ناگزیر ہے۔

بیلا، میر علی حسن زہری کی قیادت میں یوم آزادی کے کامیاب پروگرام پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، مشتاق گلاب

بیلا (یو این اے) میر علی حسن زہری کی قیادت اور سربراہی میں یوم آزادی کے کامیاب پروگرام پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، پروگرام میں حب سمیت لسبیلہ کے جیالوں کی شرکت قابل تعریف ہے۔ ان خیالات کا اظہار پی پی لسبیلہ کے ضلعی سینئر نائب صدر مشتاق گلاب نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ حب میں یوم آزادی کا کامیاب پروگرام صدر آصف زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان صوبائی سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری کی حب الوطنی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ منعقدہ پروگرام میں پی پی لسبیلہ کے کارکنان نے بھی اپنے ضلعی عہدیداران کے ہمراہ شرکت کی اور کارکنان مرکزی رہنما وڈیرہ حسن لاسی جاموٹ اور ضلعی صدر شاہنواز حسن جاموٹ کی قیادت میں متحد ہیں۔

بلوچستان کسٹم چیک پوسٹ پر بڑی کارروائی، 122 کلو چاندی سمیت کروڑوں کا سامان برآمد

مسافر بس سے 277 موبائل فونز، 5 ٹیبلٹس برآمد، بس بھی قبضے میں لے لی گئی

کوئٹہ (یو این اے) زیارت کراس کسٹم چیک پوسٹ پر کسٹم حکام نے اسمگلنگ کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے مسافر بس سے 122 کلوگرام چاندی، 277 موبائل فونز اور 5 لینوو ٹیبلٹس برآمد کر لیے۔ ذرائع کے مطابق قابل اعتماد اطلاع پر کسٹم حکام نے مسافر بس نمبر بی ای جی-1949 کو زیارت کراس کسٹم چیک پوسٹ پر روک کر تلاشی لی۔ دوران تلاشی ایک ایک کلوگرام وزن کی 122 چاندی کی اینٹیں برآمد ہوئیں، جن کا مجموعی وزن 122 کلوگرام ہے۔ چاندی کی خالصیت اور حتمی مالیت کا تعین لیبارٹری ٹیسٹ کے بعد کیا جائے گا، تاہم ابتدائی طور پر چاندی کی مالیت تقریباً 7 کروڑ 32 لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔ کارروائی کے دوران مختلف برانڈز کے 277 پرانے اور استعمال شدہ موبائل فونز بھی برآمد کیے گئے، جن میں 166 ووکو، 76 شیامی، 27 ایل جی اور 8 ہواوے موبائل فونز شامل ہیں۔ موبائل فونز کی ابتدائی مالیت تقریباً 1 کروڑ 62 لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔ اس کے علاوہ لینوو کے 5 ٹیبلٹس بھی برآمد کیے گئے، جن کی ابتدائی مالیت تقریباً 1 لاکھ 50 ہزار روپے ہے۔ کسٹم حکام نے کارروائی میں استعمال ہونے والی ڈائیوو بس، رجسٹریشن نمبر بی ای جی-1949، کو بھی قبضے میں لے لیا، جس کی ابتدائی مالیت تقریباً 1 کروڑ روپے بتائی گئی ہے۔

معیاری اور موثر درسی کتب کی تیاری تعلیمی نظام کی بہتری میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے، لعل جان جعفر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے زیر اہتمام بک رائٹرز، ایڈیٹرز اور جائزہ لینے والوں کی استعداد کار میں اضافے، درسی کتب کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے حوالے سے تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس کی اختتامی تقریب سے سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر، چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی نے خطاب کیا۔ اس موقع پر چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی کے علاوہ محکمہ تعلیم کے مختلف مضامین کے بک رائٹرز (آتھر) اور کتابوں کے جائزہ لینے والے پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسرز کے ساتھ ساتھ محکمہ کے پی ایچ ڈی ڈاکٹرز کے علاوہ محکمہ تعلیم کے ماہرین اعلیٰ حکام بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے آفیسران نے شرکت کی۔

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ زیر تعمیر صحبت پور بائی پاس کا معائنہ کر رہے ہیں

Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
Phone: 081-4170018
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

حکومت پاکستان مالی شمولیت پر یقین رکھتی ہے

ٹیلی کام، ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ بینکنگ کا انضمام خوش آئند ہے، حکومت پاکستان ٹیکنالوجی اور مختلف صنعتوں کے باہمی اشتراک کی حمایت کرے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے جے ایس بینک کے زیر اہتمام Wallet کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان مالی شمولیت پر یقین رکھتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے کیش لیس اکانومی پر اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی، محمد شہباز شریف نے بطور وزیراعلیٰ پنجاب ٹیکنالوجی کے فروغ کے لئے اہم اقدامات کئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف ٹیکنالوجی اور مالیاتی خدمات کے انضمام پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں سرکاری شعبے کی پہلی ویڈیو کانفرنسنگ سروس متعارف کرائی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیکنالوجی کا فروغ شمولیت اور کارکردگی میں اضافے کا ذریعہ ہے، تنقید کا نشانہ بننے والی لیپ ٹاپ سکیم نے کورونا وباء کے دوران اہم کردار ادا کیا۔ عطاء تارڑ نے کہا کہ کورونا کے دوران لوگوں نے گھروں سے کام کیا اور آن لائن تعلیم حاصل کی، زیڈ والٹ کا آغاز ٹیکنالوجی کے موجودہ دور میں خوش آئند اقدام ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت زیڈ والٹ اقدام کی مکمل حمایت کرتی ہے، ٹیلی کام، ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ بینکنگ کا انضمام خوش آئند ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ حکومت پاکستان ٹیکنالوجی اور مختلف صنعتوں کے باہمی اشتراک کی حمایت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ مختلف اداروں کا اشتراک مالی شمولیت کی جانب اہم قدم ہے، ٹیکنالوجی اور مالی شمولیت کو یکجا کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے جے ایس بینک کے زیر اہتمام Wallet کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی اور مالی شمولیت کو یکجا کرنا موجودہ دور کی اہم ضرورت ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں کیش لیس اکانومی کے فروغ کے لیے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی ہے، جو معیشت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو فروغ دینے کے حوالے سے کام کررہی ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف ٹیکنالوجی اور مالیاتی خدمات کے انضمام پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے بطور وزیراعلیٰ پنجاب ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے متعدد اہم اقدامات کیے، جن کے نتیجے میں سرکاری شعبے میں بھی جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ ملا۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب میں سرکاری شعبے کی پہلی ویڈیو کانفرنسنگ سروس متعارف کرائی گئی، جو اس امر کی عکاس تھی کہ سرکاری نظام میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانے کی ضرورت کو بروقت محسوس کیا گیا۔

ہیگ میں پارلیمانی اجلاس

ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ

نیدرلینڈ کا شہر ''دی ہیگ'' دنیا بھر میں امن، انصاف، بین الاقوامی قانون اور عالمی سفارتکاری کے مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہاں ہونیوالے اجلاس میں دنیا کے مختلف ممالک کے منتخب پارلیمانی نمائندے عالمی مسائل پر اپنی رائے دیتے ہیں جس کو بین الاقوامی سطح پر نہایت اہمیت دی جاتی ہے۔ حال ہی میں 7اگست کو سینیٹ ا?ف ہیگ (Eerste Kamer) میں عالمی پارلیمنٹریز کا ایک اہم اجلاس پارلیمنٹرین فار گلوبل ایکشن (PGA) کے سابق ڈائریکٹر Boris Dittrich نے منعقد کیا جس میں دنیا کے مختلف ممالک کے 80 پارلیمنٹریز نے شرکت کی جبکہ قومی اسمبلی کے رکن نوید قمر اور میں نے PGA کی طرف سے پاکستان کی نمائندگی کی۔ PGA پارلیمنٹریز کا ایک عالمی نیٹ ورک ہے جو بین الاقوامی انصاف، قانون کی حکمرانی، آزادی اظہار رائے، کیمیائی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی روک تھام، پھانسی کی سزا اور انسانی حقوق پر عالمی سطح پر آواز اٹھاتا ہے۔ پارلیمنٹرین فار گلوبل ایکشن (PGA) میں دنیا کے 150 ممالک کے 1000 سے زائد پارلیمنٹرین ممبرز ہیں۔ میرے لئے یہ اعزاز کی بات ہے کہ میں اس عالمی تنظیم میں پاکستان کی نمائندگی کررہا ہوں اور گزشتہ سال PGA کا بورڈ آف ڈائریکٹر منتخب ہوا ہوں جبکہ تنظیم کے موجودہ صدر میرے دوست رکن قومی اسمبلی سید نوید قمر ہیں۔ اجلاس سے ایک روز قبل ہیگ میں عالمی عدالت انصاف جو شہر کے وسط میں واقع خوبصورت عمارت ''امن محل'' میں قائم ہے، اقوام متحدہ کے مرکزی عدالتی نظام کا حصہ ہے۔ عالمی عدالت انصاف کا قیام پہلی جنگ عظیم کے بعد 1946ء میں عمل میں آیا جس کا مقصد ریاستوں کے مابین قانونی تصفیہ کرنا اور عالمی اداروں اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی جانب سے دائر کردہ قانونی و تکنیکی معاملات پر انصاف فراہم کرنا ہے۔ عالمی عدالت انصاف کے ججوں کا انتخاب اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اور سلامتی کونسل کے تحت عمل میں آتا ہے جن میں سلامتی کونسل کے مستقل رکن ممالک کے ججز کے علاوہ دنیا کے دیگر ممالک کے ججز بھی شامل کئے جاتے ہیں اور انکی مدت ملازمت 9سال ہوتی ہے۔ عالمی عدالت انصاف میں پاکستان سے ابھی کوئی مستقل جج تعینات نہیں ہوا لیکن پاکستان کیلئے یہ اعزاز کی بات ہے کہ سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس تصدق حسین جیلانی عالمی عدالت انصاف میں ایڈہاک جج کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں تاہم 73-1970 تک پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خان عالمی عدالت انصاف کے صدر کے عہدے پر فائز رہے ہیں۔ ہیگ میں طویل عرصے سے مقیم پاکستانی نژاد شاہین سید جو عالمی عدالت انصاف سے منسلک رہے ہیں، نے ہمارے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے کے بعد ہمیں اپنے بیٹے کیساتھ ہیگ کا دورہ کرایا۔ اجلاس میں عالمی عدالت انصاف کے سینئر عہدیداروں کے ساتھ ملاقات میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے عالمی عدالت انصاف پر پابندیاں لگائے جانے پر افسوس کا اظہار کیا گیا۔

بنگلہ دیش آرمی چیف کے بدلتے خیالات

محمد بلال غوری

بنگلہ دیش کے وزیراعظم طارق رحمان برسراقتدار آنے کے بعد نریندر مودی کی دعوت پر پہلی بار بھارت جارہے ہیں جسے دونوں ممالک کے تعلقات میں اہم ترین پیشرفت کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ دوسری طرف بی این پی کی حکومت مزید مستحکم ہونے جارہی ہے کیونکہ ? 20 اگست 2026 کو صدارتی الیکشن ہورہے ہیں۔ شیخ حسینہ کے دور کی ا?خری نشانی، صدر مملکت محمد شہاب الدین کے مستعفی ہوجانے کے بعد نقش کہن مٹنے جارہا ہے۔ بظاہر تو بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کے مرزا فخرالاسلام عالمگیر اور 11 جماعتی اتحاد کے امیدوار کرنل (ر) علی احمد مدمقابل ہیں مگر چونکہ 349 رکنی ایوان میں 211 نشستوں کے ساتھ فیصلہ کن برتری حاصل ہے اس لئے مرزا فخرالاسلام عالمگیر کی جیت یقینی ہے۔ بنگلہ دیش میں مرکز نگاہ بری فوج کے سپہ سالار جنرل وقار الزماں ہیں جن کی بدلتی ہوئی سوچ کے باعث چہ میگوئیاں ہورہی ہیں۔ گزشتہ برس اگست میں جب جولائی انقلاب کو ایک سال مکمل ہوچکا تھا تو آرمی چیف جنرل وقار الزماں نے ہندوؤں کے تہوار ''جنم اشٹمی'' کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بنگلہ دیش کی سیکولر شناخت پر اصرار کیا۔ انہوں نے لارڈ کرشنا کی تعلیمات کی پیروی کرتے ہوئے پرامن بقائے باہمی کی اہمیت اُجاگر کی اور کہا کہ یہ ملک تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کا ہے اور فوج سب کے ساتھ کھڑی ہوگی۔ مگر پھر دیکھتے ہی دیکھتے جنرل وقار الزماں بارلیش ہوگئے اور اسلامی تعلیمات کا پرچار کرنے لگے۔ گزشتہ ماہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جنرل وقار الزماں نے فرمایا ''بدعات کا خاتمہ کریں، ہمارا ملک بدعات سے بھر چکا ہے۔ دعا میں بدعت، نماز میں بدعت ہمیں آج تمام چیزوں سے نجات حاصل کرنی ہوگی۔ ہم ایک ایسے اسلامی معاشرے کی تعمیر چاہتے ہیں جو صحیح عقائد، مضبوط اخلاقی بنیادوں اور اسلامی اصولوں پر قائم ہو۔ ہم ایسا تعلیمی نظام تشکیل دیں گے جس میں اسلامی اقدار اور جدید تعلیم دونوں شامل ہوں، تاکہ معاشرہ اس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکے''۔ صرف یہی نہیں بلکہ 90ویں لانگ کورس کے کیڈٹس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ اور پھر 18جون 2026ء کو بنگلہ دیش ملٹری اکیڈمی میں Banglad@shld Battalion کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بھی انہوں نے اسی قسم کے خیالات کا اظہار کیا۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ بنگلہ دیش بری فوج کی اس نئی بٹالین کی چار کمپنیوں کو خلفائے راشدین کی نسبت سے ابوبکر، عمر، عثمان اور علی کمپنی کا نام دیا گیا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ بنگلہ دیش آرمی کی اس نئی بٹالین کیلئے CrBattle کے طور پر ''جوئے بنگلہ'' کے بجائے ''اللہ اکبر'' کا انتخاب کیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جنرل وقار الزماں کا موازنہ پاکستان کے سابق آرمی چیف جنرل ضیاالحق سے کیا جارہا ہے جنہوں نے پاک فوج اور پھر معاشرے میں اسلامی رجحانات متعارف کروائے۔ بالخصوص بھارتی میڈیا اس معاملے کو بڑھا چڑھا کر بیان کررہا ہے اور اس ''اسلامک ٹچ'' کو پاکستان سے بڑھتی ہوئی قربتوں کا نتیجہ قرار دیا جارہا ہے۔ حالانکہ بنگلہ دیش ایک مسلم اکثریتی ملک ہے اور وہاں اس سے پہلے بھی اسلامی اصطلاحات استعمال ہوتی رہی ہیں مثال کے طور پر بنگلہ دیش کی بحریہ میں پی این ایس ابوبکر، پی این ایس عمر فاروق اور پی این ایس خالد بن ولید جیسے نام بکثرت نظر آتے ہیں۔ بھارت جو سیکولرازم کا دعویدار ہے وہاں بھی فوج میں مذہبی نوعیت کے نعرے اور اصطلاحات عام ہیں۔ مثال کے طور راجپوت رجمنٹ کا جنگی نعرہ ہے ''بول بجرنگ بلی کی جے''۔ اسی طرح راجپوت رائفلز کے ہاں ''راجہ رام چندر کی جے'' کا نعرہ لگایا جاتا ہے۔ اسی طرح سکھ رجمنٹ کے لئے ''جو بولے سو نہال، ست سری اکال'' CrBattle مستعمل ہے۔ گڑھوال رائفلز کو ''بدری وشال لال کی جے'' کا نعرہ دیا گیا KUMAON REGIMENT کا نعرہ ہے ''کالی ماتا کی جے''۔ بہار رجمنٹ ''جے بجرنگ بلی'' کا نعرہ لگاتی ہے۔ جموں اینڈ کشمیر رائفلز کے جوان لڑائی کے دوران نعرہ لگاتے ہیں ''درگا ماتا کی جے''۔ بھارتی فوج کے لئے مجموعی طور پر تین نعرے مخصوص ہیں، جے ہند، بھارت ماتا کی جے اور وندے ماترم۔ یہ سب تفصیل بتانے کا مقصد یہ تھا کہ اگر بنگلہ دیش آرمی کی ایک بٹالین میں ''اللہ اکبر'' کا نعرہ اپنا لیا گیا ہے تو اس میں تعجب یا تنقید کا کیا جواز ہے؟ ہاں البتہ اصل سوال یہ ہے کہ بنگلہ دیش کے سپہ سالار جنرل وقار الزماں کا مستقبل کیا ہوگا؟ انہیں جون 2024ء میں بری فوج کا سربراہ تعینات کیا گیا تھا اور یہ تعیناتی تین سال کیلئے ہوتی ہے گویا جون 2027ء میں ان کی ریٹائرمنٹ ہے۔ بنگلہ دیش میں بھی پاکستان کی طرح کئی فوجی حکمران آئے مگر سویلین حکومت کے دور میں فوج کے سربراہ کی مدت ملازمت میں توسیع کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ شیخ حسینہ واجد نے اقتدار پر اپنی گرفت مضبوط رکھنے کیلئے اہم ترین عہدوں پر اپنے وفادار افراد کو تعینات ضرور کیا لیکن ان کے دور میں بھی جنرل شفیع الحق سے جنرل شفیع الدین تک کسی آرمی چیف کو ایکسٹینشن نہیں دی گئی۔ لہٰذا موجودہ آرمی چیف جنرل وقار الزماں کی مدت ملازمت میں توسیع کا بھی بظاہر کوئی امکان نظر نہیں آتا۔ مذہبی خیالات کے باعث لوگ ان کا موازنہ جنرل ضیاالحق سے کررہے ہیں لیکن میری دانست میں وہ بنگلہ دیش کے ضیاالحق نہیں بلکہ جنرل اسلم بیگ مرزا ہیں۔ جنہیں قیادت کا خلا پیدا ہوجانے پر عنان اقتدار پر قابض ہونے کا سنہری موقع ملا مگر انہوں نے فائدہ نہیں اٹھایا البتہ باقیماندہ سروس کے دوران یہ پچھتاوا ضرور رہا کہ ایسا کیوں نہ کیا۔ جب تک ان کی مدت ملازمت ختم نہیں ہوگئی، ان اندیشوں کا اظہار کیا جاتا رہا کہ وہ کسی بھی وقت منتخب حکومت کو رخصت کرکے مارشل لا لگا سکتے ہیں۔ مگر ڈھاکہ کے حالات و واقعات اسلام آباد سے بہت مختلف ہیں اور بظاہر یوں لگتا ہے کہ جنرل اسلم بیگ مرزا کی طرح جنرل وقار الزماں بھی اپنے ادھورے خواب، ارمان اور حسرتیں دل میں لئے اگلے برس ریٹائر ہوجائیں گے اور وہاں جمہوریت کو کسی قسم کے خطرات لاحق نہیں ہوں گے۔

نئے صوبے اور بھارتی منصوبے

حامد میر

ایک دوست نے بڑے دردمندانہ انداز میں سوال پوچھا کہ آپ نئے صوبوں کی مخالفت کیوں کررہے ہیں؟ خاکسار نے جواب میں کہا کہ میں نئے صوبوں کی مخالفت نہیں کررہا بلکہ صرف یہ عرض کررہا ہوں کہ نئے صوبے 1973ء کے آئین کی دفعہ 239 کی ذیلی شق چار کے مطابق بنائے جائیں۔ جس صوبے کی اسمبلی نئے صوبے کے حق میں فیصلہ دے وہاں نیا صوبہ ضرور بنائیں۔ دوست نے بڑے ناصحانہ انداز میں کہا کہ جو بھی نئے صوبوں کی مخالفت کریگا وہ بہت نقصان اٹھایگا۔ پھر اس پرانے دوست نے ہنستے ہوئے کہا کہ اگر ہم نئی آئینی ترمیم کے ذریعہ کوئی راستہ نکال لیں پھر تو آپکو اعتراض نہیں ہوگا؟ میں نے بھی ہنستے ہوئے کہا کہ بھائی میں اعتراض کرنیوالا کون ہوں آپکی مرضی آپ نے آئین کو اپنی مرضی کے مطابق جیسے بدلنا ہے بدل لیں۔ دوست کچھ بے تکلف ہے اور اتفاق سے ابھی تک مسلم لیگ ن کا وزیر بھی ہے۔ کہنے لگا ہم اپنی مرضی سے کوئی فیصلہ نہیں کرتے، جو بھی کرتے ہیں قومی مفاد میں کرتے ہیں۔ بات ختم ہوگئی۔ کچھ دن بعد میں نے جان کی امان پاتے ہوئے ایک دی لاگ میں صرف یہ عرض کردیا کہ پاکستان میں نئے صوبے ضرور بنائیں لیکن سندھ اور پنجاب سے انکی شناخت نہ چھینیں کیونکہ لفظ پاکستان دراصل پنجاب، افغانیہ (خیبرپختونخوا)، کشمیر، سندھ اور بلوچستان کی نمائندگی کرتا ہے۔ میری اس مودبانہ گزارش کے جواب میں کچھ محب وطن حضرات نے بڑے طنزیہ انداز میں پوچھا ہے کہ تمہیں کس نے بتایا کہ لفظ پاکستان چار صوبوں کا نمائندہ ہے؟ جب پاکستان بنا تو مشرقی بنگال بھی پاکستان میں شامل تھا تو پھر لفظ پاکستان میں بنگال کی نمائندگی کیوں نظر نہ ا?ئی؟ ایسا سوال وہی اٹھا سکتا ہے جو تاریخ سے بالکل واقف نہیں لیکن خود کو عقل کل سمجھتا ہو۔ ویسے تو لفظ پاکستان کو پہلی دفعہ ایک کشمیری صحافی غلام حسن شاہ کاظمی نے استعمال کیا تھا جنہوں نے 1928ء میں ہفت روزہ پاکستان کے اجرا کیلئے ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کو درخواست دی تھی لیکن اس لفظ کو پہلی دفعہ ''پاک ستان'' کے نام سے ایک علیحدہ ریاست کے طور پر چوہدری رحمت علی نے 1933ء میں استعمال کیا جب انہوں نے پاکستان موومنٹ کی طرف سے ایک پمفلٹ لکھا جس کا عنوان NOW OR NEVER (اب یا کبھی نہیں) - یہ لفظ PAKSTAN تھا اس میں ''I'' نہیں تھا بعد میں اسلام کی نمائندگی کیلئے ''I'' شامل کیا گیا PAKISTAN بن گیا۔ چوہدری رحمت علی نے ''پاک ستان'' یعنی پاک سرزمین میں دہلی سمیت پورے پنجاب کو شامل کیا۔ انہوں نے اس نئے ملک میں افغانیہ یعنی خیبر پختونخوا، کشمیر، سندھ اور بلوچستان کو بھی شامل کیا۔ انہوں نے بنگال اور آسام کیلئے ایک علیحدہ ملک ''بنگستان'' کے نام سے تجویز کیا تھا۔ 23 مارچ 1940ء کو آل انڈیا مسلم لیگ نے اپنے سالانہ اجلاس منعقدہ لاہور میں جو قرارداد منظور کی اس میں لفظ پاکستان شامل نہیں تھا مگر اس قرارداد میں شمال مغربی ہندوستان اور مشرقی ہندوستان کے مسلم اکثریتی علاقوں پر مشتمل صرف ایک ریاست نہیں بلکہ ''ریاستیں'' قائم کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ آل انڈیا مسلم لیگ بنگال اور پنجاب کی تقسیم کیخلاف تھی۔ جب مسلم لیگ کو یقین ہو گیا کہ برطانوی حکومت اور کانگریس کے گٹھ جوڑ کے باعث بنگال تقسیم ہو جائے گا تو پھر 1946ء میں دہلی میں ایک قرارداد منظور کی گئی جس میں متحدہ بنگال کے وزیراعظم حسین شہید سہروردی نے بنگال کو پاکستان میں شامل کرنے کا اعلان کیا۔ یہی سہروردی تھے جنہیں 1962ء میں فیلڈ مارشل ایوب خان نے غدار قرار دیکر جیل میں قید کردیا تھا۔ 1947ء میں مشرقی بنگال پاکستان کا حصہ تو بن گیا لیکن 1971ء میں پاکستان سے علیحدہ ہو کر بنگلہ دیش بن گیا۔ میری عرض صرف اتنی ہے کہ سندھ اسمبلی نے 1943ء میں اور پنجاب اسمبلی نے 23جون 1947ء کو پاکستان کے حق میں فیصلے دیئے۔ نئے صوبے بنانے ہیں تو ضرور بنائیں لیکن ان صوبوں کی شناخت نہ چھینیں جنہوں نے پاکستان کے حق میں فیصلہ دیا۔ نئے صوبوں کے حق میں بھارت کی مثال نہ دیں جہاں 1947ء میں 9ریاستیں تھیں اور ا?ج 28 ریاستیں اور 8وفاق کے زیرانتظام یونٹ ہیں۔ بھارت کی آبادی اور پاکستان کی آبادی میں بہت فرق ہے۔ آج بھی بھارتی ریاست اترپردیش کی آبادی 24 کروڑ ہے جو پاکستان کی کل آبادی کے برابر ہے۔ بہار کی آبادی 13 کروڑ اور مہاراشٹرا کی آبادی 12 کروڑ ہے۔ اسکے مقابلے میں پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب کی آبادی 12 کروڑ سے اوپر اور سندھ کی آبادی 6 کروڑ کے قریب ہے۔ دو صوبوں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے حالات پہلے ہی خراب ہیں اور اب آزاد کشمیر میں بھی گڑبڑ ہے۔ ایسا کوئی قدم نہ اٹھایا جائے جس سے فائدہ اٹھا کر پاکستان کے دشمن سندھ میں بھی نفرتوں کی آگ لگانے میں مصروف ہوجائیں۔

عائزہ خان اور دانش تیمور کی علیحدگی ہورہی ہے؟ اداکارہ کی پوسٹ نے نئی افواہوں کو جنم دیدیا

ان کی اس پوسٹ کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے اسے مختلف انداز میں دیکھنا شروع کردیا

کراچی (آن لائن) پاکستانی شوبز کی معروف جوڑی عائزہ خان اور دانش تیمور ایک بار پھر سوشل میڈیا صارفین کی توجہ کا مرکز بن گئے ہیں۔ دونوں کی جانب سے حالیہ دنوں میں ایک دوسرے کے لیے سوشل میڈیا پر کوئی خصوصی پوسٹ شیئر نہ کیے جانے کے بعد مداحوں کی جانب سے ان کے درمیان اختلافات اور علیحدگی سے متعلق قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں۔ تاہم دونوں اداکاروں کی جانب سے طلاق یا علیحدگی کی افواہوں کی کوئی تصدیق نہیں کی گئی۔ حالیہ دنوں میں دانش تیمور کے ڈرامہ 'ہمراہی' کے اختتام کے موقع پر کراچی کے نیوپلیکس سینما میں خصوصی اسکریننگ کا انعقاد کیا گیا تاہم عائزہ خان اس تقریب میں موجود نہیں تھیں۔ مداحوں نے اس بات کو بھی نوٹ کیا کہ 8اگست کو ان کے نکاح کی سالگرہ کے موقع پر دونوں کی جانب سے ایک دوسرے کے لیے کوئی خصوصی پوسٹ سامنے نہیں آئی۔ اسی دوران عائزہ خان نے سوشل میڈیا پر اپنی ایک سیاہ وسفید تصویر شیئر کی جس میں وہ دونوں ہاتھوں سے اپنے کان ڈھانپے ہوئے سنجیدہ انداز میں نظر آئیں۔ ان کی اس پوسٹ کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے اسے مختلف انداز میں دیکھنا شروع کردیا اور بعض مداحوں نے اسے مبینہ ازدواجی مسائل سے جوڑ دیا۔ کچھ صارفین نے یہ بھی نشاندہی کی کہ 14 اگست کو بھی دونوں نے کوئی خاندانی تصویر شیئر نہیں کی جبکہ بعض مداحوں نے عائزہ خان کی 'ہمراہی' کی تقریب میں عدم شرکت کو بھی اپنی قیاس آرائیوں کی بنیاد بنایا۔

گلوکارہ نیئرہ نور کی چوتھی برسی 20 اگست کو منائی جائے گی

گوہاٹی آسام میں پیدا ہوئیں، والدہ، بہن بھائیوں کیساتھ ہجرت کر کے پاکستان آگئیں

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ نیئرہ نور کی چوتھی برسی 20اگست کو منائی جائے گی۔ نیئرہ نور 1950 کو گوہاٹی آسام میں پیدا ہوئیں، وہاں ان کا خاندان امرتسر سے ہجرت کرکے گیا تھا، ان کے والدین تجارت پیشہ لوگ تھے 1957 یا 1958 میں جس کے بارے میں خود نیئرہ نور کو بھی شک تھا، نیئرہ نور اپنی والدہ اور بہن بھائیوں کے ساتھ ہجرت کرکے پاکستان آگئیں اور لاہور میں آکر قیام پذیر ہوئیں، اس وقت نیئرہ نور کی عمر 7 سال کے قریب ہوگی، ان کے والد کو جائیداد کے مسائل کی وجہ سے 1993 تک وہاں ہی رکنا پڑا تھا، وہ وہاں آسام میں موجود اپنی جائیداد فروخت کرکے پاکستان آئے اور باقی فیملی کا حصہ بنے تھے۔ نیئرہ نور جب نیشنل کالج آف آرٹس لاہور میں زیرتعلیم تھیں تو ان دنوں وہاں موسیقی کی تقریبات منعقد ہوتی رہتی تھیں، وہاں منعقد ہونے والی ایک میوزیکل ایونگ میں نیئرہ نور نے [illegible] گایا تو وہاں اسلامیہ کالج کے پروفیسر اسرار بھی موجود تھے اور وہ ان کی آواز سے بہت زیادہ متاثر ہوئے، پروفیسر اسرار خود بھی گاتے اور گانے لکھتے تھے، نیئرہ نور نے کیریئر کے اوائل میں پروفیسر اسرار کے لکھے ہوئے کئی گانے گائے تھے، موسیقی کا شوق ہی شہریار زیدی اور نیرہ نور کو ایک دوسرے کے قریب لایا اور دونوں نے شادی کر کے ہمیشہ کے لئے ایک ہونے کا فیصلہ کرلیا۔ نیرہ نور نے اگرچہ گائیکی کا آغاز ریڈیو پاکستان سے کیا تھا لیکن بعد میں پاکستان ٹیلی ویژن پر زیادہ توجہ مرکوز کئے رکھی۔ انہوں نے کئی فلموں کیلئے بھی اپنی آواز کا جادو جگایا۔ اس پرچم کے سائے تلے اور وطن کی مٹی گواہ رہنا بھی نیئرہ نور کا ایک اہم حوالہ ہیں۔ وہ 20اگست 2022 کو اس جہان فانی سے کوچ کرگئی تھیں۔، ان کے والد کو جائیداد کے مسائل کی وجہ سے 1993 تک وہاں ہی رکنا پڑا تھا، وہ وہاں آسام میں موجود اپنی جائیداد فروخت کرکے پاکستان آئے اور باقی فیملی کا حصہ بنے تھے۔

ہدایتکار و پروڈیوسر سید شوکت حسین رضوی کی برسی (کل) منائی جائے گی

19 میں بننے والی فلم دوست میں شوکت حسین رضوی نے معاون اداکار کے طور پر کام کیا، اس فلم میں وہ نور جہاں کے بھائی بنے تھے

لاہور (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کے صف اول کے ہدایتکار و پروڈیوسر سید شوکت حسین رضوی کی برسی (کل) 19اگست کو منائی جائے گی۔ سید شوکت حسین رضوی 1914 کو ہندوستان اتر پردیش کے علاقے اعظم گڑھ میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے کلکتہ میں اسسٹنٹ پراجیکشنسٹ کی حیثیت سے اپنے فنی کیریئر کا آغاز کیا، پھر انہوں نے فلم ایڈیٹنگ سیکھی۔ اس وقت کے نامور پروڈیوسر سیٹھ دل سکھ پنچولی انہیں کلکتہ سے لاہور لے آئے۔ یہاں انہوں نے کئی فلموں کی ایڈیٹنگ کی۔ ایڈیٹر کی حیثیت سے ان کی فلموں یملا جٹ اور دوست کو بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے بعد دل سکھ پنچولی نے انہیں اپنی اگلی فلم خاندان کی ہدایات کے فرائض سونپے۔ خاندان نے پورے ہندوستان میں تہلکہ مچا دیا۔ اس میں نور جہاں نے نہ صرف شائقین فلم کے دلوں کو فتح کرلیا بلکہ شوکت حسین رضوی کا دل بھی جیت لیا۔ خاندان کی کامیابی کے بعد شوکت حسین رضوی اور نور جہاں ممبئی چلے گئے۔ اسی سال نور جہاں اور شوکت حسین رضوی رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے۔ ان کے ہاں تین بچے ہوئے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ 1944 میں بننے والی فلم دوست میں شوکت حسین رضوی نے معاون اداکار کے طور پر کام کیا اور اس فلم میں وہ نور جہاں کے بھائی بنے تھے۔ اس فلم کی ہدایات بھی شوکت حسین رضوی نے دی تھیں۔ 1947 میں تقسیم ہند کے بعد شوکت حسین رضوی اور نور جہاں اپنے تینوں بچوں سمیت پاکستان چلے آئے تھے۔ اس عرصے کے دوران شوکت حسین رضوی نے ملتان روڈ پر شاہ نور اسٹوڈیو قائم کیا، ان کے اپنی اہلیہ نور جہاں سے شدید اختلافات پیدا ہوگئے اور دونوں میں علیحدگی ہوگئی، جس سے شوکت رضوی کے کیریئر کو شدید دھچکا لگا کیونکہ وہ نور جہاں کے شوہر کی حیثیت سے بھی اہم مقام حاصل کرچکے تھے۔

معروف اداکار عابد خان مرحوم کی برسی 20 اگست کو منائی جائے گی

انہوں نے اپنے طویل فنی سفر کے دوران سینکڑوں سٹیج ڈراموں، کئی ٹی وی پروگرامات اور فلموں میں بھی اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے

فیصل آباد (این این آئی) سٹیج، ٹی وی، فلم انڈسٹری کے معروف اداکار عابد خان مرحوم کی 26ویں برسی 20 اگست کو منائی جائیگی۔ اداکار و فنکار عابد خان کا شمار ملک کے معروف مزاحیہ فنکاروں میں ہوتا تھا۔ انہیں شروع سے ہی مزاح پر بھرپور عبور حاصل تھا جس کے باعث وہ دوستوں کی سنگت میں بہت ہردلعزیز تھے۔ وہ جہاں بھی موجود ہوتے وہاں محفل قہقہوں کی آوازوں سے گونجتی اور کشت زعفران بنی رہتی۔ اپنی اسی خداداد فنی صلاحیت کے باعث انہوں نے باقاعدہ طور پر سٹیج کی دنیا میں قدم رکھا۔ انہوں نے اپنے طویل فنی سفر کے دوران سینکڑوں سٹیج ڈراموں، کئی ٹی وی پروگرامات اور فلموں میں بھی اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے وہ بطور میزبان ٹی وی پر کئی پنجابی پروگرام بھی کرچکے ہیں۔ عابد خان مرحوم جتنے اچھے فنکار تھے اتنے ہی اچھے انسان بھی تھے۔ عابد خان کو 20 اگست 2000 میں اسلام آباد پرفارمنس کیلئے موجودگی کے دوران اچانک دل کا شدید دورہ پڑا اور وہ اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔ مرحوم کی برسی کے موقع پر ان کے صاحبزادے حسن عابد اور دیگر پرستاروں کی جانب سے فاتحہ اور قرآن خوانی کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ وہ جہاں بھی موجود ہوتے وہاں محفل قہقہوں کی آوازوں سے گونجتی اور کشت زعفران بنی رہتی۔ اپنی اسی خداداد فنی صلاحیت کے باعث انہوں نے باقاعدہ طور پر سٹیج کی دنیا میں قدم رکھا۔ انہوں نے اپنے طویل فنی سفر کے دوران سینکڑوں سٹیج ڈراموں، کئی ٹی وی پروگرامات اور فلموں میں بھی اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے وہ بطور میزبان ٹی وی پر کئی پنجابی پروگرام بھی کرچکے ہیں۔

سابقہ اداکارہ نور بخاری کی عون چوہدری سے ہی چوتھی شادی

ہم دونوں کی محبت شاید مری نہیں تھی، اسی لیے ہم دوبارہ ایک ہوگئے، نور بخاری

لاہور (این این آئی) پاکستان کی سابقہ اداکارہ نور بخاری نے اپنے شوہر عون چوہدری سے طلاق کے بعد دوبارہ شادی کرنے پر لب کشائی کی ہے۔ نور بخاری کی پہلی شادی عون چوہدری سے ہوئی تھی لیکن پھر ان کی طلاق ہوگئی تھی، جس کے بعد ان کی دو شادیاں مزید ہوئیں اور وہ بھی طلاق پر ختم ہوئیں۔ بعدازاں سابقہ اداکارہ نے عون چوہدری سے ہی چوتھی شادی کی ہے۔ حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران نور بخاری نے کہا ہم نے سوچا نہیں تھا کہ دوبارہ شادی کریں گے لیکن یہ سب اللہ کی مرضی ہوتی ہے، جب میں نے سب کچھ چھوڑا اور اللہ کے راستے پر آئی تو شاید اللہ نے ہی ان کے دل میں ڈالا۔ بات جاری رکھتے ہوئے سابقہ اداکارہ نے کہا الحمداللہ دوبارہ شادی کے فیصلے سے وہ اور میں دونوں خوش ہیں۔ انہوں نے قہقہہ لگاتے ہوئے یہ بات کہی کہ ہم دونوں کی محبت شاید مری نہیں تھی، اسی لیے ہم دوبارہ ایک ہوگئے۔ نور بخاری کا مزید کہنا تھا یہ اللہ کے کسی معجزے سے کم نہیں کہ ایک بار طلاق کے بعد پھر سے شادی ہونا اور ہنسی خوشی رہنا، بغیر کسی جھگڑے کے، الحمد اللہ! اللہ نظر بد سے بچائے۔ سابقہ اداکارہ نے کہا 'عون ایک بہت اچھے انسان ہیں اور میرے بچے ان سے بہت پیار کرتے ہیں، میں نے اپنے باپ جیسا آدمی کہیں نہیں دیکھا لیکن اب مجھے اللہ نے باپ کے بعد شوہر عطا کیا ہے، عون ایک بہت نیک دل اور عمدہ انسان ہیں۔ حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران نور بخاری نے کہا ہم نے سوچا نہیں تھا کہ دوبارہ شادی کریں گے لیکن یہ سب اللہ کی مرضی ہوتی ہے، جب میں نے سب کچھ چھوڑ اور اللہ کے راستے پر آئی تو شاید اللہ نے ہی ان کے دل میں ڈالا۔

فلم ''ایونجرز: ڈومز ڈے'' 18 دسمبر کو سینما گھروں کی زینت بنے

اصل ایونجرز کاسٹ سے کرس ایونز اور کرس ہیمسورتھ فلم میں نظر آئیں گے

نیویارک (این این آئی) مارول اسٹوڈیوز کی نئی سپر ہیرو فلم ''ایونجرز: ڈومز ڈے'' 18 دسمبر کو سینما گھروں کی زینت بنے گی، جہاں ڈاکٹر ڈوم اور مارول کی مختلف دنیاؤں کے ہیروز کے درمیان ٹکراؤ بڑے پردے پر دکھایا جائے گا۔ گزشتہ دنوں مارول اسٹوڈیوز کی نئی سپر ہیرو فلم ایونجرز: ڈومز ڈے کا نیا ٹریلر جاری کردیا گیا ہے، جس میں ڈاکٹر ڈوم کی حیران کن جھلک نے مداحوں میں فلم کے حوالے سے تجسس مزید بڑھا دیا ہے۔ ٹریلر میں ایک ایسے ڈاکٹر ڈوم کو دکھایا گیا ہے جو بظاہر اندرونی کشمکش اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار نظر آتا ہے، جبکہ شائقین کو پہلی مرتبہ ولن کے کردار کو زیادہ قریب سے دیکھنے کا موقع بھی مل رہا ہے۔ فلم کی سب سے بڑی خاص بات رابرٹ ڈاؤنی جونیئر کی واپسی ہے، تاہم اس مرتبہ وہ آئرن مین نہیں بلکہ خطرناک ولن ڈاکٹر ڈوم کا کردار ادا کررہے ہیں۔ ایونجرز: اینڈ گیم کے بعد یہ پہلی بار ہے کہ رابرٹ ڈاؤنی جونیئر مارول سینمائٹک یونیورس میں واپس آئے ہیں، جہاں ان کا سامنا ایک پوری سینمائٹک یونیورس سے ہوگا۔ ٹریلر کی نمائش سے پہلے تقریب میں ہیو جیکمین کی ایک خصوصی ویڈیو بھی دکھائی گئی، جس میں وہ وولورین کے روپ میں فلم کے بارے میں گفتگو کرتے نظر آئے۔ دلچسپ بات یہ تھی کہ ویڈیو میں ان کے ساتھ موجود نہ دکھائی دینے والا ڈیڈپول مسلسل انہیں ٹوکتا اور سرگوشیوں میں بتاتا رہا کہ انہیں کیا کہنا چاہیے۔ ویڈیو میں ڈیڈپول اور جیکمین کے درمیان دلچسپ نوک جھونک بھی دیکھنے کو ملی۔ ڈیڈپول نے جیکمین سے کہا کہ وہ صرف خیریت دریافت کرنے کے لیے رابطے میں آیا ہے اور یہ سوچ رہا تھا کہ شاید فلم کی کاسٹ مکمل کرنے کے لیے انہیں کچھ مزید لوگوں کی ضرورت ہو۔ جیکمین نے جواب دیا کہ وہ فلم کا حصہ بننا پسند کریں گے اور شاید ریان رینالڈز کو بھی ایونجرز: ڈومز ڈے میں آنے کے لیے قائل کرسکیں۔ ایونجرز: ڈومز ڈے کی ہدایت کاری روسو برادران کررہے ہیں اور فلم میں مارول کے ساتھ ساتھ ایکس مین سمیت مختلف فرنچائزز کے متعدد بڑے نام شامل ہیں۔ 2000 کی دہائی کی اصل ایکس مین فلموں سے پیٹرک اسٹیورٹ اور ایان میک کیلن بھی کاسٹ کا حصہ ہیں، اصل ایونجرز کاسٹ سے کرس ایونز اور کرس ہیمسورتھ فلم میں نظر آئیں گے۔

ویمنز جونیئر ایشیا کپ 2026، قومی گرلز ہاکی ٹیم کا تربیتی کیمپ (آج) سے شروع

قومی انڈر 18/21 چیمپئن شپ کی ٹاپ 4 ٹیموں کی کھلاڑیوں کو کیمپ میں طلب، انتخاب مکمل میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے چلی میں منعقد ہونے والے ''ویمنز جونیئر ایشیا کپ 2026'' میں قومی جونیئر گرلز ہاکی ٹیم کی شرکت کے سلسلے میں تربیتی کیمپ آج بروز منگل 18 اگست سے شروع ہوگا۔ مذکورہ تربیتی کیمپ کے لیے اسلام آباد میں حال ہی میں اختتام پذیر ہونے والی ''قومی گرلز انڈر 18 - انڈر 21 - چیمپئن شپ'' کی سرفہرست ٹاپ (4) ٹیموں کی تمام کھلاڑیوں کو طلب کیا گیا ہے تاکہ تمام باصلاحیت کھلاڑیوں کو مکمل شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر قومی ٹیم میں جگہ بنانے کا مساوی موقع مل سکے۔ تمام منتخب کھلاڑیوں کو 18 اگست، شام 4 بجے فاطمہ جناح ویمنز ہاسٹل میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ایشین ہاکی فیڈریشن (اے ایچ ایف) کی ہدایات کے مطابق صرف وہی کھلاڑی جونیئر ویمنز ایونٹ میں شرکت کی اہل ہوں گی جن کی تاریخ پیدائش یکم جنوری 2006ء یا اس کے بعد کی ہے۔ عمر کی حد سے متعلق ایشین ہاکی فیڈریشن کی ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کا کہنا ہے کہ اس بین الاقوامی ایونٹ میں شرکت سے پاکستان کی باصلاحیت اور نوجوان گرلز کھلاڑیوں کو ایشیائی سطح کے اعلیٰ ترین مقابلے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے اور قیمتی بین الاقوامی تجربہ حاصل کرنے کا بہترین موقع میسر آئے گا۔ قومی انڈر 18/21 چیمپئن شپ کی ٹاپ 4 ٹیموں کی کھلاڑیوں کو کیمپ میں طلب، انتخاب مکمل میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر ہوگا۔

یو ایف سی، اسلام مخاشیف کا ویلٹر ویٹ ٹائٹل کا کامیاب دفاع، مسلسل 17 فتوحات کا ریکارڈ بھی بنا ڈالا

مخاشیف نے 5 راؤنڈز پر مشتمل سخت اور سنسنی خیز مقابلے میں ججز کے متفقہ فیصلے کے تحت این مچاڈو گیری کو شکست دی

فلاڈلفیا (این این آئی) روس سے تعلق رکھنے والے سپر سٹار مارشل آرٹسٹ اسلام ماخاشیف نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آئرش فائٹر این مچاڈو گیری کو شکست دے کر ویلٹر ویٹ ٹائٹل کا کامیابی سے دفاع کرلیا۔ امریکا کے شہر فلاڈلفیا میں ہونے والے مقابلے میں اسلام مخاشیف نے 5 راؤنڈز پر مشتمل سخت اور سنسنی خیز مقابلے میں ججز کے متفقہ فیصلے کے تحت این مچاڈو گیری کو شکست دی۔ آئرش چیلنجر این مچاڈو گیری نے دفاعی چیمپئن کے لیے کئی مواقع پر مشکلات پیدا کیں، لیکن مخاشیف کی مضبوط اور مسلسل ریسلنگ نے انہیں مقابلے پر قابو پانے میں مدد دی۔ اس فتح کے ساتھ ماخاچیف نے یو ایف سی میں مسلسل 17 فتوحات کا نیا ریکارڈ بھی قائم کردیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل یو ایف سی میں مسلسل 16 فتوحات کا ریکارڈ برازیل سے تعلق رکھنے والے اینڈرسن سلوا کے پاس تھا جو اسلام مخاشیف نے جیک میڈالینا کو شکست دیکر برابر کیا تھا۔ قد اور بازوؤں کی لمبائی کے لحاظ سے واضح کمی کے باوجود مخاشیف نے پہلے ہی راؤنڈ میں انتہائی تیزی سے سنگل لیگ ٹیک ڈاؤن کرتے ہوئے گیری کو زمین پر گرا دیا۔ تاہم گیری نے گھبرائے بغیر خود کو سنبھالا اور بغیر کسی خاص نقصان کے دوبارہ کھڑے ہونے میں کامیاب رہے۔ دوسرے راؤنڈ میں روسی فائٹر کی زوردار ہائی کک سے مچاڈو گیری کچھ دیر کے لیے لڑکھڑا گئے۔ تیسرا راؤنڈ کچھ دیر کے لیے گیری کے حق میں گیا اور انہوں نے اپنے حریف سے مناسب فاصلہ برقرار رکھتے ہوئے جسم اور اگلی ٹانگ پر زوردار کِکس لگائیں اور زیادہ تر وقت ماخاچیف کو ٹیک ڈاؤن کرنے سے بھی روکے رکھا۔ تاہم چوتھے راؤنڈ میں مخاشیف نے دوبارہ اپنی دباؤ والی گریپلنگ کا استعمال کیا اور مقابلے پر کنٹرول حاصل کرلیا۔ آخری راؤنڈ میں گیری کو غالباً ٹائٹل حاصل کرنے کے لیے ناک آؤٹ یا کسی بڑے فنش کی ضرورت تھی، اس لیے انہوں نے بھرپور کوشش کی۔ لیکن چیمپئن نے خود کو خطرے سے محفوظ رکھا اور پانچ راؤنڈ مکمل ہونے کے بعد تینوں ججز کے اسکور کارڈز پر کامیابی حاصل کرلی۔ اسلام مخاشیف نے تاریخی فتح کے بعد کہا کہ این مچاڈو گیری ایک بہترین فائٹر اور اچھا انسان ہے۔

جورجیا ہنٹر بیل کی 1500 میٹر دوڑ میں طلائی تمغے کی بدولت شاندار اختتام

24 سالہ ایمی ہنٹ نے مکسڈ 4x100 میٹر ریلے میں ٹیم کو یورپین ریکارڈ 39.97 سیکنڈز کے ساتھ فتح دلائی

برمنگھم (این این آئی) ایمی ہنٹ اور دینا ایشر سمتھ کی شاندار کارکردگی اور جورجیا ہنٹر بیل کے 1500 میٹر دوڑ میں طلائی تمغے کی بدولت گریٹ برٹین نے یورپین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کا اختتام شاندار انداز میں کیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق 24 سالہ ایمی ہنٹ نے مکسڈ 4x100 میٹر ریلے میں جرمنی کے چیلنج کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ٹیم کو یورپین ریکارڈ 39.97 سیکنڈز کے ساتھ فتح دلائی۔ اس ڈیوڈ، جیرمیا ازو، ڈارنیل ہیوز اور دینا ایشر اسمتھ پر مشتمل اس کوارٹیٹ کی کامیابی کے ساتھ ہی ایمی ہنٹ نے ایک ہی ایونٹ میں 100 میٹر، 200 میٹر، ویمنز 4x100 میٹر اور مکسڈ ریلے کے ساتھ اپنا چوتھا طلائی تمغہ جیت کر کیریئر کی بہترین تاریخ رقم کی۔ اس فتح کے بعد دینا ایشر سمتھ مجموعی طور پر 8 گولڈ اور 11 میڈلز کے ساتھ یورپین چیمپئن شپ کی 92 سالہ تاریخ کی کامیاب ترین ایتھلیٹ بن گئی ہیں۔ دوسری جانب 32 سالہ جورجیا ہنٹر بیل نے ویمنز 1500 میٹر فائنل پر مکمل کنٹرول برقرار رکھتے ہوئے طلائی تمغہ اپنے نام کیا، جو پچھلے دو سالوں میں ان کا ساتواں بین الاقوامی میڈل ہے۔ گریٹ برٹین نے ایونٹ میں مجموعی طور پر 9 گولڈ سمیت 19 میڈلز حاصل کیے، تاہم اٹلی نے مینز 4x400 میٹر ریلے کے سنسنی خیز فائنل میں برٹین کو محض 0.03 سیکنڈز سے ہرا کر میڈل ٹیبل پر پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ مینز 4x400 میٹر ریلے میں سلور میڈل جیتنے والی برطانوی ٹیم کے میتھیو ہڈسن سمتھ مجموعی طور پر 9 میڈلز کے ساتھ چیمپئن شپ کی تاریخ کے کامیاب ترین مرد ایتھلیٹ بن گئے ہیں۔ ویمنز لانگ جمپ میں جازمن سایئرز نے زخمی ہونے کے بعد بہترین واپسی کرتے ہوئے 6.99 میٹر کی چھلانگ لگائی لیکن اٹلی کی لاریسا سے صرف ایک سینٹی میٹر پیچھے رہ کر سلور میڈل حاصل کرسکیں۔ علاوہ ازیں ویمنز 4x400 میٹر ریلے ٹیم نے بھی ہالینڈ کے بعد دوسری پوزیشن حاصل کرتے ہوئے سلور میڈل اپنے نام کیا۔

پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار جشن آزادی گرلز شوٹنگ بال کپ کا انعقاد

سندھ کی خواتین پاکستان کی عزت اور وقار کے لیے ہر میدان میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار جشن آزادی گرلز شوٹنگ بال کپ اور بوائز شوٹنگ بال میچز کا انعقاد۔ جوائنٹ سیکریٹری کراچی ڈویژن شوٹنگ بال ایسوسی ایشن ملک ناصر کی قیادت میں غازی اسپورٹس شوٹنگ بال کلب، شاہ فیصل گراؤنڈ کراچی میں منعقد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت سابق صوبائی وزیر محترمہ شمیم ممتاز نے کی، جبکہ مہمان خصوصی صوبائی وزیر برائے حقوق نسواں حکومت سندھ محترمہ شاہینہ شیر علی تھیں۔ تقریب میں سابق ڈائریکٹر ایف آئی اے سید اسرار علی، جنرل سیکریٹری سندھ اولمپکس ایسوسی ایشن احمد علی راجپوت، ایسہ بوگھیو، نازش پروین، جاوید اختر کیانی، خالد منیر، محمد احمل، ہدایت لاشاری، نشا گجر، عارف ایڈووکیٹ، خان محمد چنہ، عالمی ریکارڈ ہولڈر اور سفیر امن پاکستان اور تکزیب سلطان، ضیاء اللہ نیازی، راؤ منیر اکبر، ہمایوں پاشا سمیت کھیلوں، تعلیم اور سماجی شعبے سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔ جبکہ بلوچستان سے عبدالحلیم بندیجہ، قادر صاحب، عبدالرحیم، امان اللہ، محمد حنیف، محمد اریان، محمد صدیق، محمد سعد، عبدالوہاب اور سعدیہ جعفری سمیت دیگر مہمان بھی موجود تھے۔ تقریب میں خواتین کی کھیلوں میں بھرپور شرکت کو سراہا گیا اور گرلز شوٹنگ بال کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر شاہینہ شیر علی نے خواتین کی شوٹنگ بال ٹیم تشکیل دینے پر ملک ناصر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ کھیلوں کے فروغ کے لیے ہمیشہ ان کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی خواتین پاکستان کی عزت اور وقار کے لیے ہر میدان میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ جنرل سیکریٹری سندھ اولمپکس ایسوسی ایشن احمد علی راجپوت نے بھی بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ بوائز شوٹنگ بال مقابلوں میں غازی شوٹنگ بال کلب، بھٹی شوٹنگ بال کلب، داہی شوٹنگ بال کلب اور عارف والا کلب نے شرکت کی۔ فائنل غازی شوٹنگ بال اور بھٹی شوٹنگ بال کلب کے مابین کھیلا گیا۔

CANCELLATION NOTICE

It is notified for the information of all concerned contractors/firms that the Tender Notice No. TSE-2627071138063, dated 20th august 2026, published in daily newspaper Jang DPRQ/PRQ No.436/29-072026, inviting tenders for the work "REHABILITATION OF UV FILTER PLANTS AT 26 DIFFERENT SITES, DISTRICT SOHBATPUR", stands hereby CANCELLED due to unforeseen reasons.

Executive Engineer,
Public Health Engineering
Division, Sohbatpur

PRQ No.862/17-8-2026
www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

This is with reference to our Tender Notice Published in The Daily Mashriq Quetta PRQ NO. 392/27-7-2026, it is hereby notified that the Last Date & Time for Submission and opening of Tenders, earlier Scheduled on 17th -August,2026, has been extended to 19th August, 2026. All other terms and conditions shall remain the same.

Senior Assistant Director
Local Government Rural
Development Naseerabad

PRQ No.861/17-8-2026
www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With reference to the Tender Advertisement issued by the Deputy Director Agriculture (OFWM), Mastung, published in daily newspapers on 4th August 2026, vide TSE No. 2627081150773 and PRQ No. 566/03-8-2026, the following amendments are hereby notified, 1. The eligibility requirement of "4 Assignments of Similar Nature" is revised to "1 Assignment of Similar Nature." 2. The requirement for ownership documents in case of leased/rental machinery/equipment under the Evaluation Criteria is hereby omitted. The above amendments shall be read and treated accordingly in all relevant tender documents.All other terms and conditions shall remain unchanged.

Deputy Director Agriculture
OFWM Mastung

PRQ No.860/17-8-2026
www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ صباء 1

اور سلامتی کے لیے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر اپنے پیغام میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ صدر ٹرمپ کی جرات مندانہ قیادت کے باعث جنوبی ایشیا اور کروڑوں زندگیاں ایٹمی تباہی سے محفوظ رہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے اور ہمارے عوام کے بہتر اور محفوظ مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کے فروغ کے لیے اپنے برادر ممالک کے ساتھ مل کر تعمیری اور ذمہ دارانہ کردار جاری رکھے گا۔

بقیہ صباء 2

کے معاملے پر پیش رفت تک وزیراعظم طارق رحمان کے بھارت کے دورے کے امکانات نہیں ہیں، جس سے دونوں ہمسایہ ممالک کے تعلقات میں موجود تناؤ مزید نمایاں ہوگیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیشی وزارت خارجہ کے ترجمان اے کے ایم شاہد کریم نے کہا ہے کہ وزیراعظم طارق رحمان کے بھارت دورے سے قبل نئی دہلی کو ایک "موزوں ماحول" پیدا کرنا ہوگا۔ بنگلہ دیشی حکام نے بھارت پر زور دیا ہے کہ وہ شیخ حسینہ اور دیگر مفرور ملزمان کی حوالگی کے عمل کو تیز کرے۔ شیخ حسینہ 2024 کے سیاسی بحران کے بعد بھارت میں موجود ہیں، ان کی حوالگی کا مطالبہ بنگلہ دیش کی نئی حکومت کی جانب سے مسلسل کیا جاتا رہا ہے۔ بنگلہ دیشی حکام کے مطابق ان کی حوالگی کا معاملہ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات میں اہم حیثیت رکھتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم طارق رحمان نے رواں سال عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنے ابتدائی غیر ملکی دوروں میں ملائیشیا اور چین کا انتخاب کیا، جبکہ بھارت کا دورہ تاحال نہیں کیا گیا۔ بنگلہ دیش کی وزارت خارجہ کی سرکاری معلومات بھی وزیراعظم طارق رحمان کے ملائیشیا کے دورے کی تصدیق کرتی ہیں۔ بنگلہ دیش اور بھارت کے درمیان شیخ حسینہ کی حوالگی کے علاوہ بھی متعدد سیاسی اور سفارتی معاملات زیر بحث ہیں۔ تاہم حسینہ کی موجودگی اور ان کے خلاف بنگلہ دیش میں جاری قانونی کارروائی دونوں ممالک کے تعلقات میں سب سے حساس معاملات میں شامل ہیں۔ بنگلہ دیشی مؤقف کے مطابق بھارت کو باہمی تعلقات میں بہتری کے لیے ایسے اقدامات کرنا ہوں گے جن سے باہمی اعتماد بحال ہو۔ ڈھاکا کا کہنا ہے کہ دوطرفہ تعلقات کو آگے بڑھانے کے لیے باہمی احترام، خودمختاری اور باہمی مفادات کو بنیاد بنانا ضروری ہے۔ خطے کے سیاسی مبصرین کے مطابق شیخ حسینہ کی حوالگی کا معاملہ آئندہ دنوں میں بنگلہ دیش اور بھارت کے تعلقات پر اثر انداز ہونے والا اہم سفارتی مسئلہ بن سکتا ہے، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان معمول کے تعلقات کی بحالی کے لیے اس معاملے پر پیش رفت اہمیت رکھتی ہے۔

بقیہ صباء 3

فرخ جمشید، جسٹس ثاقب اللہ، جسٹس انعام خان اور جسٹس اورنگزیب خان شامل ہیں۔ حلف اٹھانے کے بعد چاروں ججز باقاعدہ طور پر پشاور ہائیکورٹ کے مستقل جج بن گئے ہیں۔ تقریب میں ہائیکورٹ کے دیگر ججز، جوڈیشل افسران اور وکلاء کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈووکیٹ جنرل خیبرپختونخوا شاہ فیصل اتمانخیل اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل ثناء اللہ بھی موجود تھے۔ ہائیکورٹ بار کے صدر امین الرحمن یوسفزئی، خیبرپختونخوا بار کونسل کے اراکین اور سینئر وکلاء بھی حلف برداری تقریب میں شریک ہوئے۔

بقیہ صباء 4

ٹانگیں توڑ دیں گے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی آرمی چیف کا کہنا تھا کہ امریکی افواج کو یہاں سے نکال دیا گیا ہے اور اب انہیں خلیج، بحیرہ عمان یا آبنائے ہرمز میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔ بریگیڈیئر جنرل امیر حاتمی نے مزید کہا کہ خطے میں امریکی فوجی اڈوں کو دوبارہ ان کی سابقہ پوزیشن میں واپس آنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ صباء 5

سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے مرحوم شاہ اللہ خان کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے ان کے درجات کی بلندی اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمانے کی دعا کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی سمیت تمام سوگوار اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور حوصلہ عطا فرمائے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو اس ناقابل تلافی نقصان پر صبر و استقامت دے۔

بقیہ صباء 6

گے۔ گڈز ٹرانسپورٹرز اتحاد کے صدر ملک شہزاد اعوان نے وفاقی وزیر کو سندھی اجرک بھی پہنائی۔ اس موقع پر عبدالعلیم خان نے کہا کہ حکومت نے ٹرانسپورٹرز سے جو وعدے کیے ہیں، انہیں ہر حال میں پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ موٹروے پولیس کی جانب سے کوئی ناجائز چالان نہیں ہونے دیا جائے گا، تاہم گاڑی کی جانب سے خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی قانون کے مطابق ہوگی۔ وفاقی وزیر نے ٹرانسپورٹرز پر زور دیا کہ ایکسل لوڈ پالیسی کی خلاف ورزی نہ کی جائے، کیونکہ مقررہ حد سے زیادہ وزن لادنے سے گاڑیوں اور سڑکوں دونوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزن، رفتار اور دیگر مقررہ حدود کی پابندی ہر قیمت پر یقینی بنائی جائے گی۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ وزیراعظم نے انہیں مذاکراتی کمیٹی کا ہیڈ بنا کر خصوصی ٹاسک سونپا تھا، جس میں کامیابی حاصل ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ نو روز تک گھنٹوں مسلسل مذاکرات جاری رہے اور ٹرانسپورٹرز کی قیادت نے بھی خلوص اور تعاون کا مظاہرہ کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت کیلئے انتہائی اہم ہیں اور ملکی ترقی کیلئے ان کا تعاون ناگزیر ہے۔ ضرورت پڑنے پر وہ خود سڑکوں پر کھڑے ہو کر ٹرانسپورٹرز کے مسائل کا جائزہ لیں گے۔ انہوں نے سیکرٹری مواصلات، چیئرمین این ایچ اے اور آئی جی موٹرویز کو شاہراہوں کے دورے کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ دھرنے سے متعلق ٹرانسپورٹرز کی شکایات فوری دور کی جائیں گی۔ موٹروے پولیس کی جانب سے ڈرائیورز کے لائسنس کے اجراء کا بھی انتظام کیا جا رہا ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ موٹروے پولیس اور این ایچ اے کو عوام دوست ادارے بنانے کے لیے اہم پالیسیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ ملک و قوم کے مفاد میں بہترین فیصلے کرنا اور ان پر عملدرآمد یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر گڈز ٹرانسپورٹرز اتحاد کے صدر ملک شہزاد اعوان نے حکومت اور وفاقی وزیر مواصلات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کیلئے مذاکرات میں حکومتی تعاون قابل تحسین ہے۔ استقبالیے میں اویس چوہدری ایڈووکیٹ، امداد حسین نقوی، چوہدری قمر الزمان گل، اکبر سراج، رؤف خان بالا، ملک شیر خان اور ملک حاجی فرید سمیت دیگر افراد نے شرکت کی۔

بقیہ صباء 7

انکا کہنا تھا کہ امریکا کے پاس اب بھی ہتھیاروں کے وسیع ذخائر موجود ہیں، جتنے ہتھیار اب تک امریکا نے استعمال کیے ہیں، وہ نہ ہونے کے برابر تھے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ امریکا کے پاس درمیانے درجے کے بہت سے ہتھیار موجود ہیں۔

بقیہ صباء 8

موجودہ صورتحال اور پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے دفاعی معاہدے سمیت باہمی دلچسپی کے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ شیخ عبدالرحمن السدیس نے اس معاہدے کو امت مسلمہ بالخصوص پاکستان، مملکت سعودی عرب اور ترکیہ کے لیے خیر، سلامتی اور باہمی اتحاد کا ذریعہ قرار دیا۔ انہوں نے حافظ محمد طاہر محمود اشرفی کو حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز کے لیے نامزد کیے جانے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ارض حرمین شریفین سے ان کی محبت اور اسلام و مسلمانوں کے لیے ان کی خدمات قابل ستائش اور قابل فخر ہیں۔ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے شیخ عبدالرحمن السدیس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور مملکت سعودی عرب کے تعلقات محض سفارتی نہیں بلکہ ایمان، عقیدے اور اخوت کے لازوال رشتے ہیں، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان موجودہ دفاعی معاہدہ عالم اسلام کی وحدت، اتحاد اور اجتماعی سلامتی کو مزید مضبوط کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سمیت پوری امت مسلمہ ارض حرمین شریفین سے والہانہ محبت رکھتی ہے۔ عالم اسلام خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور ولی عہد و وزیراعظم امیر محمد بن سلمان اور سعودی عوام کی حرمین شریفین کے لیے خدمات کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ دنیا کا ہر کلمہ گو مسلمان ارض حرمین شریفین کی سلامتی، دفاع اور استحکام کے لیے مملکت سعودی عرب کے شانہ بشانہ ہے۔ حافظ طاہر اشرفی نے کہا کہ پاکستان کی قیادت اور عوام ہمیشہ اس عزم کا اعادہ کرتے آئے ہیں کہ حرمین شریفین کی سلامتی و استحکام کے لیے ہر وقت حاضر ہیں، اور موجودہ دفاعی معاہدے کے بعد ہمیں یہ کہنے پر مزید فخر ہے کہ ہم مملکت سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ محافظ حرمین شریفین ہیں۔ شیخ عبدالرحمن السدیس نے پاکستان کی قیادت، وزیراعظم محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور پاکستانی عوام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تبارک و تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ اپنے حفظ و امان میں رکھے، اسے امن، استحکام اور ترقی عطا فرمائے اور ہر قسم کے شر و فتن سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

بقیہ صباء 9

وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اس بات پر دوبارہ زور دیا کہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے منصوبوں کی نشاندہی میں مقامی آبادی کو شامل کیا جائے تاکہ ایس اے پی کے فنڈز عوام کے بہترین مفاد میں استعمال کیے جا سکیں۔ انہوں نے منصوبوں کی بروقت تکمیل پر بھی زور دیا تاکہ مختص فنڈز سے زیادہ سے زیادہ عوامی فائدہ حاصل کیا جا سکے۔ اجلاس میں بین الصوبائی رابطہ، منصوبہ بندی و ترقی، سائنس و ٹیکنالوجی، مواصلات اور پارلیمانی امور کے وفاقی وزراء، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، کابینہ، پاور اور ہاؤسنگ و ورکس کے سیکرٹریز جبکہ پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی حکومتوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ صباء 10

سینتھیٹک ایڈیٹنگ کی ویڈیو نے کئی سوالات کو جنم دیا۔ کیا پہاڑوں میں رہنے والی دہشتگرد تنظیم اس قسم کی ویڈیو بنانے کی قابلیت رکھتی ہے یا اس کے پیچھے ایک منظم حکمت عملی متحرک ہے، جدید طرز پر فلمائی گئی ویڈیو یہ ثابت کرتی ہے کہ فتنہ الہندوستان کو بیرونی فنڈنگ اور تکنیکی سپورٹ حاصل ہے۔ کالعدم تنظیم کی جاری کردہ حملے کی ویڈیو میں افغان طالبان کے فراہم کردہ امریکی ہتھیار واضح طور پر دکھائی دے رہے ہیں جبکہ اس سے قبل خودکش حملہ آور شہناز کے مہنگے ترین ساز و سامان اور ہتھیار پر مبنی پروپیگنڈہ فلم بھی فتنہ الہندوستان کو حاصل بیرونی معاونت کا پردہ چاک کر چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق متعدد دہشت گرد گروہوں کی افغانستان میں سرگرمیاں پڑوسی ممالک کے لیے مستقل خطرہ ہیں، فتنہ الہندوستان کو افغانستان میں کالعدم تنظیم القاعدہ کے تربیت کاروں نے فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) کے ساتھ تربیت دی۔ ویڈیو میں افغانستان میں دہشت گردوں کو مقامی زبان میں حملوں کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ پہاڑوں میں چھپے فتنہ پروروں کے پاس اتنی خطیر رقم، مہنگی ٹیکنالوجی اور بیرونی لاجسٹکس آخر کہاں سے آ رہی ہے؟ سیگار رپورٹ کے مطابق 2021 میں امریکی افواج کے انخلا کے وقت افغانستان میں تقریباً 7 ارب 10 کروڑ ڈالر مالیت کا فوجی ساز و سامان چھوڑا گیا، یہ اسلحہ اور ساز و سامان طالبان رجیم کی سرپرستی میں دہشت گرد تنظیموں کے زیر استعمال ہے۔ عالمی ماہرین کے مطابق بھارتی فنڈڈ پراکسیاں افغانستان میں دہشتگرد گروہوں کی موجودگی اور سرحدی خطے کے امن کے لیے سنگین چیلنج بن چکی ہے۔ فتنہ الہندوستان کسی نام نہاد حقوق کی جنگ نہیں بلکہ بیرونی ایجنڈے اور فنڈڈ پروپیگنڈے پر بلوچستان کے امن کا سودا کر رہی ہے۔

بقیہ صباء 11

پر ملنے والے ٹیکس کریڈٹ سے سپر ٹیکس ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں واضح کیا کہ قانون کی دفعہ 168 کے تحت حاصل شدہ ٹیکس کریڈٹ ایک الگ اور مسلمہ قانونی حق ہے۔ ٹیکس دہندہ کو ایڈجسٹمنٹ سے روک کر صرف ریفنڈ کی طرف دھکیلنا قانون کی منشا کے خلاف ہے۔ مالیاتی قوانین کی تعبیر ہمیشہ ٹیکس دہندہ کے فائدے اور سہولت کے پیش نظر ہونی چاہیے۔ عدالت نے ایف بی آر کو نوٹس کے جواب میں ہدایت کی کہ وہ ٹیکس دہندہ کے ایڈجسٹمنٹ کلیم کا جائزہ لے کر قانون کے مطابق فیصلہ کرے۔ واضح رہے کہ ایف بی آر نے نجی کمپنی کو سپر ٹیکس کی ادائیگی کے لیے نوٹس جاری کیا تھا۔ اس پر موبائل کمپنی نے ایڈجسٹمنٹ کے لیے ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا تاہم وہاں درخواست خارج کر دی گئی تھی جس کے بعد معاملہ وفاقی آئینی عدالت میں آیا۔

بقیہ صباء 12

45/100 ہوگیا ہے جو 2 سال میں 50 فیصد بہتری ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ پیشرفت مالیاتی نظم و ضبط، عوامی رسائی اور احتساب میں نمایاں اور آزادانہ طور پر تصدیق شدہ بہتری کی عکاسی کرتی ہے۔ انٹرنیشنل بجٹ پارٹنرشپ کے اوپن بجٹ سروے 2025 میں پاکستان کا سکور 45 ریکارڈ کیا گیا، جو عالمی اوسط 45 کے برابر ہے۔ خرم شہزاد کے مطابق پاکستان کا بجٹ شفافیت سکور 45 ہے جبکہ بھارت 44، سری لنکا 43، بنگلہ دیش 37، نیپال 24 اور چین 19 کے سکور پر ہیں۔ پاکستان کی بہتری ان شعبوں میں بھی وسیع بنیادوں پر سامنے آئی ہے جن کی نشاندہی اوپن بجٹ سروے 2023 میں بہتری کے لیے کی گئی تھی۔ خرم شہزاد کے مطابق ایگزیکٹو بجٹ پروپوزل کا سکور 43 سے بڑھ کر 57 ہوگیا، اس میں 14 پوائنٹس کا اضافہ ہوا، انایکٹڈ بجٹ کا سکور 33 سے بڑھ کر 50 ہوگیا، جس میں 17 پوائنٹس کی بہتری ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح سال کے اختتام کی رپورٹ، جو پہلے تاخیر سے شائع ہوتی تھی، اب 25 کے سکور تک پہنچ گئی ہے جو بڑی بہتری ہے۔ خرم شہزاد نے بتایا کہ عوامی شرکت کے سکور میں بھی اضافہ ہوا اور یہ 15 سے بڑھ کر 22 ہوگیا، اس میں 7 پوائنٹس کی بہتری ریکارڈ کی گئی۔ یہ وہ ترجیحی شعبے تھے جن کی نشاندہی انٹرنیشنل بجٹ پارٹنرشپ نے 2023 میں کی تھی، جن پر سفارشات کے مطابق عمل کیا گیا اور اس کے نتیجے میں قابل پیمائش بہتری سامنے آئی۔ خرم شہزاد کے مطابق انٹرنیشنل بجٹ پارٹنرشپ نے سال کے اختتام کی رپورٹ کی بروقت آن لائن اشاعت اور ایگزیکٹو بجٹ پروپوزل میں زیادہ جامع معلومات کی فراہمی کو خصوصی طور پر تسلیم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شرکت کا سکور 15 سے بڑھ کر 22 ہوا جس کے بعد پاکستان عالمی اوسط 17 اور ایشیا پیسفک کی اوسط 18 دونوں سے آگے نکل گیا۔ انہوں نے کہا کہ سکورز کے پیچھے بجٹ سازی کو زیادہ قابل رسائی اور شراکتی بنانے کی وسیع تر کوششیں کارفرما ہیں، جن میں واضح ابلاغ، زیادہ وسیع اسٹیک ہولڈر مشاورت، بجٹ سے پہلے اور بعد میں مشاورت اور پارلیمانی شمولیت شامل ہیں۔ خرم شہزاد نے کہا کہ سمت واضح ہے، بروقت رپورٹنگ سے زیادہ مکمل معلومات، وسیع تر مشاورت، بہتر عوامی رسائی، زیادہ شرکت اور مضبوط احتساب کی جانب پیشرفت ہوتی ہے۔ یہ سمت امریکی محکمہ خارجہ کے حالیہ مالیاتی شفافیت کے جائزے سے بھی مزید تقویت پاتی ہے جس میں پاکستان کے مالیاتی فریم ورک کی اہم مضبوطیوں کو تسلیم کیا گیا ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ امریکی محکمہ خارجہ کے جائزے میں پاکستان کے مالیاتی نظام کے حوالے سے متعدد مثبت پہلوؤں کو تسلیم کیا گیا ہے جن میں منظور شدہ بجٹ اور سال کے اختتام کی رپورٹ تک وسیع پیمانے پر عوامی رسائی، منصوبہ بند آمدنی اور اخراجات سے متعلق خاطر خواہ حد تک مکمل معلومات کی فراہمی، عمومی طور پر قابل اعتماد بجٹ معلومات، عوامی نتائج کے ساتھ آزادانہ آڈٹ کی موثر نگرانی، قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والی آمدنی اور عوامی خریداری کے لیے شفاف فریم ورک، جبکہ خود مختار دولت فنڈ کے لیے مضبوط قانونی فریم ورک شامل ہیں۔ خرم شہزاد کے مطابق بجٹ شفافیت احتساب، ادارہ جاتی ساکھ اور عوامی اعتماد کو مضبوط کرتی ہے، کیونکہ اس کے ذریعے پارلیمنٹ، شہریوں، کاروباری اداروں اور سرمایہ کاروں کو یہ جاننے کے لیے زیادہ واضح معلومات ملتی ہیں کہ عوامی وسائل کیسے حاصل کیے جاتے ہیں، کہاں خرچ ہوتے ہیں اور ان کا حساب کیسے رکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان زیادہ بروقت، جامع اور قابل رسائی مالیاتی معلومات کے ذریعے اس پیش رفت کو مزید آگے بڑھاتا رہے گا، جبکہ عوامی اور پارلیمانی شرکت کو بھی مزید مضبوط کیا جائے گا۔ شفافیت سے احتساب، احتساب سے ساکھ اور ساکھ سے اعتماد پیدا ہوتا ہے۔

بقیہ صباء 13

بنیادی شرط ہے۔ اپنے سوشل میڈیا پیغام میں امریکی صدر نے کہا کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے مابین دفاعی معاہدے پر دستخط خوش آئند ہیں، تینوں ممالک کا یہ معاہدہ ایک اہم جرات مندانہ قدم ہے۔ خیال رہے کہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے کہا کہ مصر بھی مشترکہ دفاعی معاہدے کا حصہ بننا چاہتا ہے۔

بقیہ صباء 14

سے ٹیلیفونک گفتگو ہوئی، جس میں علاقائی امن و استحکام کے لیے سفارتکاری اور مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ نے علاقائی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ اسحاق ڈار اور حاقان فیدان نے باہمی دلچسپی کے امور پر تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاک ترک وزرائے خارجہ نے اس بات پر اتفاق کیا کہ علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری آگے بڑھنے کا راستہ ہے۔ دوران گفتگو دونوں جانب سے علاقائی امن و استحکام کیلئے سفارت کاری اور مذاکرات کی پاک ترک کوششیں جاری رکھنے پر بھی اتفاق ہوا۔

بقیہ صباء 15

سے قائم اثر و رسوخ کی کوشش کو چیلنج کر دیا ہے، بنگلہ دیش کا چین سے سلی گوڑی کوریڈور کے قریب دریائی منصوبے پر تعاون مانگنا بھارت کیلئے باعث تشویش بن گیا۔ رپورٹ کے مطابق چین نے پاکستان سے سری لنکا تک بندرگاہوں کی تعمیر سے جنوبی ایشیا میں اپنا معاشی اور اسٹریٹجک اثر بڑھایا ہے، بھارت سمجھتا ہے کہ جنوبی ایشیا میں چینی منصوبوں کا بڑھتا نیٹ ورک مستقبل میں اسکی سلامتی کیلئے چیلنج بن سکتا ہے۔ چین اور پاکستان کی فوجی شراکت داری جنگی طیاروں، آبدوزوں، ڈرونز، میزائلوں اور فضائی دفاعی نظام تک وسیع ہو چکی ہے، مئی 2025 کے پاک بھارت تنازع نے چین پاکستان فوجی تعاون کی بڑھتی صلاحیت دنیا کے سامنے واضح کر دی۔ چین کی معاشی طاقت اور وسیع سرمایہ کاری نے جنوبی ایشیا میں بھارت کی علاقائی برتری کے خواب کو چکنا چور کر دیا ہے، سی پیک کے ذریعے مغربی چین کو گوادر بندرگاہ کے راستے بحیرہ عرب سے جوڑ دیا گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق مودی حکومت کی ناکام خارجہ پالیسی کے باعث خطے میں چین مضبوط جبکہ بھارت اسٹریٹجک طور پر کمزور اور سفارتی سطح پر تنہا ہوا ہے، چین کے ساتھ مضبوط شراکت داری اور سی پیک نے پاکستان کو جنوبی ایشیا میں مرکزی اسٹریٹجک اور معاشی طاقت بنا دیا ہے۔

بقیہ صباء 16

جمع کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق انکم ٹیکس کی مختلف شرحوں میں کمی کے باوجود تنخواہ دار طبقے سے ٹیکس وصولی میں اضافہ ہوا ہے۔ مالی سال 2025-26 کے پہلے ماہ جولائی میں ایف بی آر نے تنخواہ دار طبقے سے انکم ٹیکس کی مد میں 44 ارب روپے وصول کیے، جبکہ گزشتہ مالی سال 2024-25 کے جولائی میں یہ وصولی 42 ارب روپے رہی تھی۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2023-24 کے جولائی میں تنخواہ دار طبقے سے 30 ارب روپے انکم ٹیکس وصول کیا گیا تھا۔ اس طرح دو سال کے دوران جولائی میں تنخواہ دار طبقے سے ٹیکس وصولی 14 ارب روپے بڑھ گئی۔ واضح رہے کہ حکومت نے رواں مالی سال کے وفاقی بجٹ میں سالانہ 22 لاکھ روپے سے زائد آمدن رکھنے والے افراد کے لیے بعض انکم ٹیکس سلیبز میں کمی کی تھی۔ حکومت نے سالانہ 22 سے 32 لاکھ روپے آمدن رکھنے والے افراد کے لیے انکم ٹیکس کی شرح 23 فیصد سے کم کر کے 20 فیصد کر دی، جبکہ 32 سے 41 لاکھ روپے سالانہ آمدن کی سلیب میں ٹیکس کی شرح 30 فیصد سے کم کر کے 25 فیصد مقرر کی گئی۔ اسی طرح سالانہ 41 سے 56 لاکھ روپے آمدن رکھنے والے افراد کے لیے ٹیکس کی شرح 35 فیصد سے کم کر کے 29 فیصد کر دی گئی، جبکہ 56 سے 70 لاکھ روپے سالانہ آمدن کی سلیب میں ٹیکس کی شرح 35 فیصد سے کم کر کے 32 فیصد کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ٹیکس کی شرحوں میں کمی کے باوجود رواں مالی سال کے آغاز پر تنخواہ دار طبقے سے وصولی میں اضافہ ایف بی آر کی ٹیکس وصولی کے اعداد و شمار میں نمایاں تبدیلی قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ صباء 17

وے کی شقوں کے جائزے سے متعلق کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شیزہ فاطمہ، وزارت قانون و انصاف اور وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں رائٹ آف وے سے متعلق مجوزہ ترامیم اور موجودہ قانونی فریم ورک کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ٹیلی کمیونیکیشن انفراسٹرکچر کی تنصیب اور رائٹ آف وے کے استعمال سے متعلق قانونی امور پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں عوامی، مشترکہ ترقیاتی اور نجی املاک کے حوالے سے وفاقی، صوبائی اور مقامی اداروں کے دائرہ اختیار کو واضح کرنے کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ نجی ملکیت پر ٹیلی کمیونیکیشن انفراسٹرکچر کی تنصیب کے لیے مالک کی تحریری رضامندی کے طریقہ کار، رائٹ آف وے کے استعمال میں رضامندی، معاوضے اور دیگر قانونی تقاضوں کو واضح کرنے پر بھی غور کیا گیا۔ وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ٹیلی کام انفراسٹرکچر کی ضروریات اور نجی ملکیتی حقوق کے درمیان مناسب توازن یقینی بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے ملکیتی حقوق کے تحفظ کے ساتھ ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی کے فروغ کو یقینی بنایا جائے گا۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ رائٹ آف وے سے متعلق قانونی ابہام دور کر کے واضح اور موثر قانونی فریم ورک تشکیل دینا ہوگا۔ انہوں نے رائٹ آف وے کے استعمال کے لیے شفاف، واضح اور قابل عمل طریقہ کار کی ضرورت پر زور دیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیلی کمیونیکیشن انفراسٹرکچر کی توسیع کے ساتھ املاک کے مالکان کے حقوق کا تحفظ بھی یقینی بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی کے فروغ کے لیے ایسا قانونی فریم ورک ضروری ہے جو تمام اسٹیک ہولڈرز کے حقوق اور مفادات کا تحفظ کرے۔

بقیہ صباء 18

مطابق گھریلو اور تجارتی صارفین کی بڑی تعداد شمسی توانائی کی جانب منتقل ہو رہی ہے، جس کے نتیجے میں قومی گرڈ سے بجلی کی طلب کم ہو رہی ہے۔ بجلی کی فروخت میں کمی کے باوجود بجلی پیدا کرنے والے منصوبوں کو طے شدہ ادائیگیاں جاری رہنے کے باعث صارفین پر کیپسٹی ادائیگیوں کا بوجھ بڑھنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ دستاویزات کے مطابق اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی کی بجلی فروخت میں گزشتہ سال اپریل کے مقابلے میں رواں سال 7.10 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ مئی میں بجلی کی فروخت 3.55 فیصد جبکہ جون میں 6.29 فیصد کم رہی۔ اعداد و شمار کے مطابق اپریل سے جون کے دوران گھریلو صارفین کی بجلی خریداری میں بالترتیب 19.69 فیصد، 7.92 فیصد اور 5.72 فیصد کمی ہوئی۔ اسی عرصے میں تجارتی صارفین کی بجلی خریداری بھی اپریل میں 8.85 فیصد، مئی میں 3.80 فیصد اور جون میں 1.85 فیصد کم ریکارڈ کی گئی۔ دستاویزات کے مطابق اپریل تا جون سہ ماہی کے دوران اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی کے علاقے میں بجلی کی طلب میں مجموعی طور پر نمایاں کمی دیکھی گئی۔ اپریل میں طلب گزشتہ سال کے مقابلے میں 16 فیصد، مئی میں 8 فیصد جبکہ جون میں 2 فیصد کم رہی۔ ماہرین کے مطابق بجلی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور شمسی توانائی کے نظام کی جانب صارفین کے بڑھتے رجحان کے باعث قومی گرڈ سے بجلی کی خریداری میں کمی کا سلسلہ جاری رہ سکتا ہے۔ اگر یہ رجحان برقرار رہا تو بجلی کے شعبے میں طلب، پیداوار اور مقررہ پیداواری صلاحیت کے درمیان توازن ایک اہم پالیسی چیلنج بن جائے گا۔ بجلی کی طلب میں کمی کے باعث تقسیم کار کمپنیوں کی فروخت متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ بجلی پیدا کرنے والے منصوبوں کی کیپسٹی ادائیگیوں کا بوجھ نسبتاً کم صارفین پر منتقل ہونے کا خدشہ بھی ظاہر کیا جا رہا ہے، جس سے بجلی کے شعبے میں اصلاحات اور شمسی توانائی کے بڑھتے استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے نئی حکمت عملی کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے۔

بقیہ صباء 19

اقتدار میں آئے تھے۔ پانچ سال مکمل ہونے کے موقع پر افغانستان میں خواتین اور لڑکیوں کے حقوق سے متعلق پابندیاں عالمی سطح پر بحث کا اہم موضوع بنی ہوئی ہیں۔ جرمن نشریاتی ادارے ڈی ڈبلیو کے مطابق طالبان حکومت نے لڑکیوں کو چھٹی جماعت کے بعد تعلیم سے روکنے، خواتین کو یونیورسٹیوں سے خارج کرنے اور روزگار و عوامی زندگی میں ان کی شرکت محدود کرنے سمیت متعدد اقدامات کیے ہیں۔ ڈی ڈبلیو کی حالیہ رپورٹ کے مطابق طالبان کے دور میں خواتین کے کام، تعلیم اور نقل و حرکت پر عائد پابندیوں نے ان کے عوامی کردار کو شدید متاثر کیا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا کہ جون 2026 میں ہرات میں لباس سے متعلق قواعد کی خلاف ورزی کے الزام میں کم از کم 30 خواتین کو گرفتار کیا گیا، جس پر اقوام متحدہ کی جانب سے بھی تشویش ظاہر کی گئی۔ افغان لڑکیوں کی تعلیم بھی عالمی تشویش کا ایک بڑا سبب ہے۔ ڈی ڈبلیو کے مطابق افغانستان اس وقت دنیا کا واحد ملک ہے جہاں لڑکیوں کو 12 سال کی عمر کے بعد اسکول جانے سے روک دیا گیا ہے، جبکہ خواتین کے لیے اعلیٰ تعلیم بھی بند ہے۔ ترک میڈیا ٹی آر ٹی ورلڈ نے بھی طالبان کی جانب سے خواتین کی یونیورسٹی تعلیم پر پابندی کو افغان خواتین اور لڑکیوں کے حقوق کے لیے ایک بڑا دھچکا قرار دیتے ہوئے رپورٹ کیا کہ ثانوی تعلیم سے محرومی کے باعث اعلیٰ تعلیم تک رسائی بھی شدید متاثر ہوئی ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس میں افغانستان کی معاشی اور انسانی صورتحال کو بھی اہم مسئلہ قرار دیا گیا ہے۔ ڈی ڈبلیو کے مطابق ملک کی شدید انسانی ضروریات اور غربت نے عام افغان خاندانوں کو مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے، جبکہ خواتین کے روزگار اور سماجی سرگرمیوں پر پابندیوں نے ان کے مسائل مزید بڑھا دیے ہیں۔ طالبان حکومت کی جانب سے خواتین اور لڑکیوں پر عائد پابندیوں کے باعث افغانستان کے مستقبل، انسانی حقوق اور عالمی برادری کے ساتھ تعلقات پر بھی سوالات اٹھ رہے ہیں۔ ڈی ڈبلیو کے مطابق طالبان حکام کے ساتھ بعض ممالک کے عملی روابط کے باوجود انہیں وسیع تر عالمی سطح پر باضابطہ حکومتی شناخت حاصل نہیں ہوئی۔ تجزیہ کاروں کے مطابق طالبان کے اقتدار کے پانچ سال مکمل ہونے پر افغانستان کی صورتحال اس امر کی متقاضی ہے کہ عالمی برادری انسانی حقوق، خواتین کی تعلیم اور بنیادی آزادیوں کے معاملات کو سفارتی روابط میں اہمیت دے۔ ان کے مطابق افغانستان میں پائیدار استحکام کے لیے انسانی حقوق، معاشی بحالی اور عوام کی بنیادی ضروریات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

بقیہ صباء 20

میں جمع کرائی جا سکیں گی۔ پالیسی کے تحت پہلے سے رجسٹرڈ عازمین ہی سرکاری حج اسکیم کیلئے درخواست دینے کے اہل ہیں، سرکاری اسکیم کے حج اخراجات 2 مساوی اقساط میں وصول کئے جائیں گے۔ حج درخواستیں پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر وصول کی جائیں گی، کوٹہ مکمل ہوتے ہی درخواستوں کی مزید وصولی روک دی جائے گی۔ سرکاری حج اسکیم کیلئے ایک لاکھ 7 ہزار 526 جبکہ نجی حج اسکیم کے لیے 40 فیصد یعنی 71 ہزار 684 کا کوٹہ مختص ہے۔

بقیہ صباء 21

سے زائد ملازمتیں پیدا ہونے اور تقریباً 2.2 ارب ڈالر کی سالانہ برآمدات متوقع ہیں۔ گارمنٹ سٹی کے مجوزہ منصوبے سے متعلق پیر کو اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ برآمدات بڑھانے کے لیے صنعتی کلسٹر اعلیٰ معیار کے ملبوسات کی تیاری پر توجہ مرکوز کرے گا اور نجی سرمایہ کاری کو راغب کرے گا۔ منصوبے کے خاکے کے مطابق پہلے مرحلے کا رقبہ 250 ایکڑ پر مشتمل ہوگا جس میں سے 35 فیصد حصہ اندرونی سڑکوں، یوٹیلیٹیز (بنیادی سہولیات) اور سرسبز علاقوں کے لیے مختص کیا جائے گا۔ اس منصوبے کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (عوامی و نجی شراکت داری) کے تحت تشکیل دیا جا رہا ہے۔ مجوزہ تجارتی ڈھانچے میں 5 ایکڑ رقبے کے 32 صنعتی پلاٹ شامل ہیں تاہم مزید سرمایہ کاروں اور مینوفیکچرنگ یونٹس کی گنجائش پیدا کرنے کے لیے پلاٹ کا سائز کم کر کے 2 یا 3 ایکڑ بھی کیا جا سکتا ہے۔ پورٹ قاسم اتھارٹی (پی کیو اے) بنیادی ڈھانچہ اور سہولیات فراہم کرے گی۔ ہر صنعتی یونٹ کو روزانہ 4 لاکھ گیلن تک پانی، 2 میگاواٹ آن گرڈ بجلی اور 8 پاؤنڈ فی مربع انچ (پی ایس آئی) کے دباؤ کے ساتھ روزانہ 23,100 پاؤنڈ صنعتی گیس کی فراہمی ممکن بنائی جائے گی جو 10 ٹن بھاپ (سٹیم) کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ہوگی۔ پاؤنڈز فی مربع انچ (پی ایس آئی) (دباؤ (پریشر) کی پیمائش کا ایک یونٹ ہے، یہ ظاہر کرتا ہے کہ رقبے کے ایک مربع انچ جیسے پر کتنی قوت (فورس) لگائی جا رہی ہے۔ 8 پی ایس آئی کا مطلب ہے کہ ہر مربع انچ پر 8 پاؤنڈ قوت کا اطلاق ہو رہا ہے۔ مجموعی منصوبے کے لیے منصوبہ بند یوٹیلیٹی صلاحیت میں روزانہ 13 ملین گیلن پانی، 64 میگاواٹ آن گرڈ بجلی اور 7 لاکھ 50 ہزار پاؤنڈ صنعتی گیس کی فراہمی شامل ہے۔ جنید چوہدری نے کہا کہ نجی شعبے کی شرکت اس منصوبے کا کلیدی جز ہوگی۔

بقیہ صباء 22

یونٹس کے قیام کی بحث ایک بار پھر شدت اختیار کر گئی ہے۔ روس کی سرکاری شماریاتی ایجنسی کے مطابق روس کی آبادی تقریباً 14 کروڑ 16 لاکھ ہے اور وہاں 89 وفاقی اکائیاں قائم ہیں۔ دوسری جانب پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کی 2023 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی 24 کروڑ 15 لاکھ ہے، جس میں پنجاب کی آبادی تقریباً 12 کروڑ 77 لاکھ، سندھ کی 5 کروڑ 57 لاکھ، خیبر پختونخوا کی 4 کروڑ 9 لاکھ اور بلوچستان کی تقریباً ایک کروڑ 49 لاکھ ہے۔ تازہ جائزے کے مطابق پاکستان کا سب سے زیادہ آبادی والا صوبہ پنجاب اکیلا روس کی مجموعی آبادی کے قریب پہنچ چکا ہے، تاہم اس کے باوجود اتنی بڑی آبادی ایک ہی صوبائی انتظامیہ کے تحت چلائی جا رہی ہے۔ ماہرین کے مطابق صرف آبادی کو بنیاد بنا کر انتظامی اکائیوں کا تعین نہیں کیا جا سکتا، تاہم آبادی، رقبے، انتظامی فاصلے اور عوامی ضروریات میں مسلسل اضافے کے باعث موجودہ نظام کا از سر نو جائزہ ضروری ہوگیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے موجودہ نظام حکمرانی کو موثر بنانے کے لیے نئے انتظامی یونٹس یا صوبوں کی ضرورت پر زور دیے جانے کے بعد بھی اس معاملے پر سیاسی اور عوامی سطح پر بحث جاری ہے۔ مختلف حلقوں کی جانب سے پاکستان کو 12 یا 18 صوبوں میں تقسیم کرنے سمیت موجودہ ڈویژنوں کو صوبائی حیثیت دینے کی تجاویز بھی سامنے آتی رہی ہیں۔ تاہم ماہرین کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام محض سیاسی، لسانی یا علاقائی بنیادوں پر نہیں ہونا چاہیے بلکہ آبادی، جغرافیہ، انتظامی فاصلے، معاشی استعداد، تاریخی و ثقافتی شناخت، وسائل اور عوامی رضامندی کو بنیادی معیار بنایا جانا چاہیے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق بلوچستان جیسے وسیع رقبے کے صوبے کے لیے انتظامی فاصلے اہم مسئلہ ہیں، جبکہ گنجان آباد علاقوں میں آبادی کا دباؤ انتظامی تقسیم کی ضرورت پیدا کر سکتا ہے۔ اس لیے پورے ملک کے لیے ایک ہی فارمولا نافذ کرنے کے بجائے ہر خطے کی مخصوص ضروریات کو مدنظر رکھنا ہوگا۔

بقیہ صباء 23

ای کے وضع کردہ اصولوں کو مدنظر رکھا گیا۔ مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ مفاہمتی یادداشت ماہرین کے ساتھ تفصیلی مذاکرات کے بعد تیار کی گئی تھی، پاکستان کی ثالثی میں امریکا ایران کے درمیان ایم او یو پر 17 جون کو دستخط ہوئے تھے۔

بقیہ صباء 24

ممالک میں امریکا کے ساتھ بے چینی اور ناراضی بڑھ رہی ہے کیونکہ خدشات پیدا ہوگئے ہیں کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ جاری طویل جنگ کا سفارتی حل تلاش کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ خلیجی عہدیداروں نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ جنگ ڈونلڈ ٹرمپ نے شروع کی اور اس کی قیمت ہم ادا کر رہے ہیں، فروری میں امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملے کے بعد امریکا کے خلاف غصہ بلند ترین سطح پر پہنچ گیا ہے۔ اخبار نے رپورٹ کیا کہ کئی ماہ سے جاری تنازع اور ایران اور اس کے حامی گروپس کی جانب سے میزائل اور ڈرون حملوں کے تسلسل کے باعث سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، کویت اور بحرین میں ٹرمپ انتظامیہ پر تنقید میں اضافہ ہوا ہے اور بعض خلیجی ممالک نے اپنی سرزمین پر وسیع پیمانے پر امریکی فوجی تعیناتی کی میزبانی جاری رکھنے کے فوائد پر سوال اٹھانا شروع کر دیے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ خطے میں موجود ایک مغربی سفارت کار نے خبردار کیا کہ اس پیش رفت کو امریکا کے حوالے سے رائے میں بڑی تبدیلی قرار نہیں دیا جا سکتا، ایران کے ساتھ جنگ سے قبل بھی امریکی افواج کا خطے میں پرجوش خیر مقدم نہیں کیا جاتا تھا۔ انہوں نے خطے میں امریکی ذمہ کے حوالے سے کہا کہ یہ ایسی چیز تھی جسے ناگزیر برائی سمجھ کر برداشت کیا جا رہا تھا، اب اس کی ضرورت ہی پر سوال اٹھایا جا رہا ہے۔ رپورٹ میں نشان دہی کی گئی کہ خلیجی ممالک میں یہ بے چینی ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ٹرمپ ایران کے خلاف مزید کارروائی کی بار بار دھمکیاں دیتے ہیں اور دوسری طرف مذاکرات میں پیش رفت کا حوالہ دیتے ہوئے اپنی دھمکیوں سے پیچھے ہٹ جاتے ہیں، جبکہ واشنگٹن اور تہران کے درمیان تنازع ختم کرنے کے لیے کوئی حتمی معاہدہ طے نہیں پا سکا۔ اخبار کے مطابق وائٹ ہاؤس کے ایک عہدیدار نے اس تصور کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کے تمام خلیجی شراکت داروں کے ساتھ غیر معمولی تعلقات ہیں اور تنازع شروع ہونے کے بعد سے واشنگٹن اپنے علاقائی اتحادیوں سے مسلسل رابطے میں ہے۔ خلیجی ممالک کی تشویش کے حوالے سے رپورٹ میں بتایا گیا کہ عہدیداروں کا خیال ہے کہ جنگ واضح نتیجے کے بغیر طول پکڑنے کی وجہ سے ہی خدشات میں اضافہ ہوتا گیا اور بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باوجود خلیجی ممالک سیکیورٹی کے لیے اب بھی واشنگٹن پر انحصار کرتے ہیں، جس میں فوجی ساز و سامان، گولہ بارود اور انٹیلی جنس کی فراہمی شامل ہے۔

بقیہ صباء 25

بریگیڈیئر جنرل احمد وحیدی نے کہا ہے کہ جب تک اسرائیل اور امریکا کے پاس جوہری ہتھیار موجود ہیں، ایران بھی جوہری ہتھیار بنانے کی خواہش سے دستبردار نہیں ہوگا۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس دعوے کی کوئی حقیقت سامنے نہیں آئی اور نہ ہی کوئی ثبوت موجود ہے کہ جنرل وحیدی نے ایسا بیان دیا تھا، ایران کے جوہری ہتھیار تیار کرنے کا بھی کوئی ثبوت نہیں ملا۔ یہ جعلی بیان پہلے بھارتی سماجی میڈیا اکاؤنٹس پر پھیلا، پھر اسرائیلی اکاؤنٹس اور ایک اسرائیلی ٹی وی چینل نے اسے نشر کیا، اسرائیلی چینل نے اسے ایران کی جانب سے جوہری بم بنانے کی کوشش کا پہلا کھلا اعتراف قرار دیا۔ چند ہی گھنٹوں بعد یہ دعویٰ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کی یروشلم میں تقریر کا حصہ بن گیا۔ تقریر میں نیتن یاہو نے کہا کہ پاسداران انقلاب کے کمانڈر وحیدی نے ایران کے جوہری ہتھیاروں کی تیاری جاری رکھنے کے ارادے کا واضح اعلان کیا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق بعد ازاں یہ جھوٹا دعویٰ امریکا تک پہنچ گیا، اقوام متحدہ میں امریکی سفیر مائیک والٹز اور فلوریڈا کے ریپبلکن سینیٹر رک اسکاٹ نے اسے سماجی میڈیا پر ری شیئر کیا، امریکی ٹی وی چینل نے بھی اسے ایران کے جوہری عزائم کے ثبوت کے طور پر پیش کیا۔ ٹی وی میزبان بل ہیمر نے سابق امریکی مرکزی کمان کے سربراہ جنرل جوزف ووٹل سے گفتگو کے دوران یہ بیان پڑھ کر سنایا اور اسے ایران کی جانب سے جوہری ہتھیار بنانے کا اعتراف قرار دیا۔ تاہم بعد میں اس دعوے کی صداقت پر سوالات اٹھنے لگے، مائیک والٹز کی جانب سے کیا گیا پیغام سماجی میڈیا سے ہٹا دیا گیا جبکہ امریکی ٹی وی نے جمعرات کو وضاحت کی کہ اسے معلوم ہوا ہے کہ مذکورہ بیان غیر مصدقہ اور من گھڑت تھا۔ امریکی میڈیا کا کہنا تھا کہ تحقیقات کے مطابق اس جھوٹے بیان کی پہلی اشاعت بھارت کے ایک ایسے اکاؤنٹ سے ہوئی جس کے تقریباً 175,000 فالوورز ہیں اور جس پر پہلے بھی جھوٹی اور اسلام مخالف معلومات پھیلانے کے الزامات لگتے رہے ہیں۔

بقیہ صباء 26

جدوجہد میں ان کی قوم کے بانی رہنماؤں کی قیادت کی یاد دلاتا ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان مشترکہ تاریخ، باہمی اعتماد، مشترکہ عقیدے اور دوطرفہ، علاقائی و بین الاقوامی سطح پر تعاون پر مبنی قریبی اور دوستانہ تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، صحت، تعلیم اور عوامی روابط سمیت متعدد شعبوں میں تعاون کو مسلسل وسعت دی۔ صدر مملکت نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ گزشتہ سال صدر پرابوو سوبیانتو کے دورہ پاکستان سے دونوں ممالک کے تعلقات کو نئی جہت ملی جس سے باہمی مفاد میں تعاون کو مزید گہرا کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے انڈونیشیا کے عوام کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ صباء 27

کیے۔ میڈیا پارٹنرز کے مطابق رپورٹ میں بتایا کہ رواں برس مئی کے وسط میں ایران کے ساتھ جنگ بندی کے لیے معاہدے کی کوشش کرنے والے امریکی مذاکرات کار مخمصے کا شکار تھے اور ان کو یہ اندازہ نہیں ہو رہا تھا کہ جن کے ساتھ وہ مذاکرات کر رہے ہیں آیا وہ واقعی ایران کی طاقت ور فورس پاسداران انقلاب کی نمائندگی کر رہے ہیں یا نہیں، جس کی وجہ سے ٹرمپ انتظامیہ کے عہدیداروں نے ایک غیر روایتی طریقہ اپنایا۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ ٹرمپ انتظامیہ کے اہلکاروں نے ایرانی مذاکرات کاروں کو بائی پاس کرتے ہوئے براہ راست پاسداران انقلاب کی قیادت سے رابطہ کیا اور ان خفیہ رابطوں کے لیے عراق کے کردستان ریجن کے صدر نیچروان بارزانی کا انتخاب کیا کیونکہ وہ ایک ایسی منفرد شخصیت ہیں جن پر امریکا اور پاسداران انقلاب دونوں کی قیادت کا اعتماد تھا۔ ویب سائٹ نے بتایا کہ یہ تفصیلات مذکورہ معلومات رکھنے والے تین ذرائع نے فراہم کی ہیں اور یہ معلومات اس سے پہلے رپورٹ نہیں ہوئیں۔ مزید بتایا گیا کہ 8 اپریل کی جنگ بندی اور اس کے چند دن بعد اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات کے بعد امریکا اور ایران نے جنگ کے خاتمے کے لیے مذاکرات کی کوشش کی اور مئی کے اوائل میں وائٹ ہاؤس کو ایسا لگا کہ وہ معاہدے کے قریب پہنچ رہے ہیں لیکن ایران نے اپنے جواب میں 10 دن سے زیادہ کی تاخیر کی، جس پر وائٹ ہاؤس کے مذاکرات کار یہ سوچنے پر مجبور ہوگئے کہ ایرانی مذاکرات کار پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی کے پاس معاہدہ طے کرنے کے مکمل اختیارات نہیں ہیں اور پاسداران انقلاب ان کے فیصلوں کو منسوخ کر رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس کے بعد وائٹ ہاؤس نے محسوس کیا کہ پاسداران انقلاب کی قیادت تک پہنچنے کے لیے ایک خفیہ راستے کی ضرورت ہے اور 10 مئی کے قریب اس وقت کی ڈائریکٹر آف نیشنل انٹیلی جنس تلسی گیبرڈ نے نیچروان بارزانی کو فون کر کے کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ کا خیال ہے کہ وہ پاسداران انقلاب کے کمانڈر جنرل احمد وحیدی سے رابطہ قائم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

بقیہ صباء 28

حوالہ دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سلمان اکرم راجہ نے یقین دہانی کرائی تھی کہ ملاقات کے بعد جیل کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو نہیں کی جائے گی تاہم سماعت کے دوران کسی نے اس معاملے پر اعتراض نہیں اٹھایا، جبکہ عدالتی حکم کے باوجود میڈیا سے گفتگو کر کے اس کی خلاف ورزی کی گئی۔ اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ کی رپورٹ میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے سنگل بنچ کے فیصلے کا بھی حوالہ دیا گیا ہے، جس میں شیر افضل کیس میں جیل رولز 265 کو خلاف قانون قرار دیا گیا تھا۔ رپورٹ میں موقف اختیار کیا گیا کہ جیل میں ملاقاتوں کے ذریعے عدلیہ، خارجہ پالیسی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف عوامی جذبات کو ابھارا گیا۔ رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کی جیل رولز کے تحت ہر منگل کو باقاعدگی سے ملاقات کرائی جاتی ہے، جبکہ اب تک دونوں کی 84 ملاقاتیں کرائی جا چکی ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ سلمان صفدر بھی 10 فروری اور 4 اپریل 2026 کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کر چکے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے رپورٹ میں کہا گیا کہ جیل کے میڈیکل افسران دن میں 3 مرتبہ ان کے کھانے پینے کی جانچ اور طبی معائنہ کرتے ہیں، متعدد سرکاری معالجین بھی بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ کر چکے ہیں، جس کا ریکارڈ موجود ہے۔ رپورٹ کے مطابق ماہر امراض چشم سے بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کا علاج بھی کرایا جاتا رہا ہے اور ان کی آنکھ تقریباً ٹھیک ہو چکی ہے۔ رپورٹ میں 4 نومبر 2023 سے 10 اگست 2026 تک مختلف طبی ماہرین کی جانب سے کیے گئے 39 طبی معائنوں کی سمری بھی شامل کی گئی ہے۔ اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے سپریم کورٹ سے استدعا کی ہے کہ مذکورہ مقدمہ نمٹا دیا جائے۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ کے جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ کل کیس کی سماعت کرے گا۔

بقیہ صباء 29

کشمیری اتنے ہی پاکستان کے مالک ہیں جتنے پاکستانی ہیں۔ پیر کو اسلام آباد میں غربی باغ سے کامیاب ایم ایل اے ساجد عباسی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ 25 نشستوں پر (ن) لیگ کو کامیابی ملی ہے، دو تہائی اکثریت سے حکومت بنائیں گے، امن و امان کی وجہ سے 6 سیٹس پر انتخابات نہیں ہو پائے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ 53 کی اسمبلی میں (ن) لیگ کو دو تہائی اکثریت مل گئی ہے، آزاد کشمیر کی صورتحال کو درست کرنے کیلئے (ن) لیگ کو مینڈیٹ ملا، ووٹرز نے (ن) لیگ کو ووٹ دیا اور اعتماد کا اظہار کیا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پنجاب حکومت میں وزیراعلیٰ مریم نواز نے تعمیر و ترقی کر کے دکھائی ہے، ساجد اقبال ایل اے 14 سے منتخب ہوئے، ووٹرز نے بھاری اکثریت سے انتخابات جتوائے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ساجد اقبال سے درخواست کی کہ ہماری جماعت کیساتھ کام کریں، آزاد کشمیر میں دھرنا دینے والے شہری ہمارے بھائی ہیں، دھرنے میں ایک ڈیڑھ فیصد لوگ اشتعال انگیز عناصر کیساتھ ہوں گے، وہ پاکستان سے محبت کرنے والے ہیں، وہ ہم پاکستانی ہیں اور پاکستان ہمارا ہے کے نعرے کے امین ہیں، ان میں سے اکثریت محب وطن ہیں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ کشمیری اتنے ہی پاکستان کے مالک ہیں جتنے پاکستانی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ راجہ فیصل اور ساجد اقبال مل کر آزاد کشمیر کی ترقی کیلئے کام کریں گے، ہم نے ساجد اقبال سے کہا کہ وہ ہمارے ساتھ مل کر چلیں، انہوں نے ہماری اس مخلص استدعا کو پذیرائی بخشی اور اپنے حلقے کی تعمیر و ترقی کے لئے ہمارے ساتھ چلنے کی حامی بھری ہے۔

بقیہ صباء 30

کونسل کی قراردادوں کے مطابق اپنی جدوجہد جاری رکھی ہے۔ تقریب میں وزیراعظم فیصل ممتاز راٹھور، وزیر سید بازل علی نقوی، چیف سیکرٹری خوشحال خان، اعلیٰ سول و عسکری حکام، سیاسی و سماجی رہنماؤں، طلباء، وکلاء، خواتین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر سائرن بجایا گیا اور شرکاء نے شہداء کی یاد میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی۔ آزاد جموں و کشمیر کے صدر نے پاکستانی پرچم لہرایا اور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ چوہدری لطیف اکبر نے کہا کہ تاریخی قرارداد پاکستان کے ایک آزاد ریاست کے طور پر ابھرنے سے پہلے ہی کشمیری عوام کی امنگوں کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ برطانوی نوآبادیاتی حکام اور بھارتی قیادت کی سازشوں اور چالبازیوں سے ایک سنگین انسانی المیہ پیدا ہوا جو آج بھی خطے میں کشیدگی کا باعث ہے۔

بقیہ صباء 31

اطلاع ملنے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو گھیرے میں لے کر موثر کارروائی کی، جس کے نتیجے میں 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے بعد علاقے میں سرچ اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے، جبکہ دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں بھی جاری رکھی گئی ہیں۔ دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، کلی زائیک کے علاقے میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشت گرد ہلاک جبکہ 3 زخمی ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و بارودی مواد بھی برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق اسپیکس سے تقریباً 12 کلومیٹر شمال میں کلی زائیک اور کاغلی کے درمیان دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان جھڑپ ہوئی، جس کے نتیجے میں 2 دہشت گرد ہلاک اور 3 زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق ہلاک ہونے والے ایک دہشت گرد کی شناخت مشتاق احمد عرف گودیار کے نام سے ہوئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈی تیار کرنے کا سامان برآمد ہوا۔ سیکیورٹی فورسز نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور بلوچستان میں دیرپا امن کے قیام تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ صباء 32

خدمات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط انداز میں کام کریں، اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کو چلانے کیلئے مکمل طور پر آؤٹ سورس کیا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ میں جاری اصلاحات اور اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تعمیر کی پیشرفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو شہریوں کے لیے آسان، موثر اور جدید ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ شہریوں کو بروقت، شفاف اور آسان ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط انداز میں کام کریں۔ وزیراعظم نے کہا کہ شہریوں کو سرکاری خدمات کے حصول میں سہولت فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے تمام سرکاری ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو اہم عصر تقاضوں کے مطابق مزید موثر بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئی ٹی اور ڈیجیٹل اصلاحات میں وفاقی وزارتوں کی ای آفس پر منتقلی اب تک کی اہم ترین اصلاحات میں سے ہے۔ وزیراعظم نے وفاقی حکومت کی تمام ماتحت اداروں اور ایس او ایز میں ای آفس کا استعمال یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے سرکاری اداروں کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو تیز کرنے اور جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ صباء 33

بنانے کی ہدایت کی۔ وفاقی وزیر محسن نقوی نے کہا کہ وزارت داخلہ کا کام دیگر وزارتوں سے مختلف اور غیر معمولی نوعیت کا ہے۔ لینڈ پورٹ اتھارٹی سمیت نئے قائم شدہ اداروں کو مکمل سپورٹ فراہم کی جائے گی، تمام اداروں کو درکار وسائل مہیا کئے جائیں گے، سب اداروں کو مل کر ایک دوسرے کی بھرپور معاونت کرنا ہوگی۔ انہوں نے تمام اداروں کے سربراہان کو ڈیٹا سیکورٹی اور سائبر سیکورٹی کے حوالے سے موثر اور جامع اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی جبکہ اپنے متعلقہ اداروں کا دو سالہ جامع ٹرانسفارمیشن پلان پیش کرنے کا بھی حکم دیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ وزارت داخلہ کے تمام اداروں کو جدید خطوط پر مکمل طور پر تبدیل کرنا ہمارا ہدف ہے، ہر ذیلی ادارے کو مثالی اور عوام دوست بنانا ہوگا، عوام کو بہترین سہولتوں اور معیاری خدمات کی فراہمی کیلئے تمام اداروں کو اپنے اہداف کا حصول یقینی بنانا ہوگا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ اداروں کو خود مختار اور بااختیار ہونا چاہیے اور خود فیصلے کرنا ہوں گے، ہر معاملہ وزارت کو بھیجنے کی ضرورت نہیں، جہاں ضرورت ہو قوانین میں ضروری ترامیم اور اصلاحات کی تجاویز فوری پیش کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ اور رواں سال حج آپریشن کے دوران انسانی سمگلنگ کا ایک بھی کیس رپورٹ نہ ہونا ہمارے اداروں کی کارکردگی میں بہتری کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ صباء 34

معاہدے کے ثالثوں اور ضامن ممالک کے وفود سے ملاقات میں فریقین نے دوسرے مرحلے کے روڈ میپ پر اتفاق کیا ہے۔

بقیہ صباء 35

حافظ نعیم الرحمن نے دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت نہ صرف لاہور، بلکہ کراچی اور پشاور میں بھی ہزاروں کی تعداد میں عوام سڑکوں پر دھرنا دیے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی کا یہ دھرنا کسی ذاتی مفاد کے لیے نہیں بلکہ عام عوام، وکلا، ڈاکٹرز اور تمام سیاسی و سماجی جماعتوں کی مشترکہ آواز ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ بے نظیر بھٹو کے دور حکومت میں آئی پی پیز کا آغاز ہوا جس کے بعد (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی دونوں نے یکے بعد دیگرے ایسے معاہدے کیے جنہوں نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی پیز کے پلانٹس کی صلاحیت میں شدید دھاندلی کی گئی، 100 میگاواٹ کے پلانٹ کو کاغذی کارروائی میں 200 میگاواٹ دکھایا گیا اور گنے کے بھوسے سے چلنے والے پاور پلانٹس میں بھی ظلم کیا، دو نمبری اور کرپشن کی گئی، ان تمام غلط پالیسیوں اور آئی پی پیز کی کیپسٹی پیمنٹ کا سارا بوجھ اب غریب عوام پر ڈالا جا رہا ہے۔

بقیہ صباء 36

پانی جذب کرنے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے جس کے نتیجے میں بارشوں کے دوران سیلاب کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کا تحفظ، دریاؤں اور قدرتی آبی گزرگاہوں کی حفاظت اور بڑے پیمانے پر شجرکاری سیلاب کے خطرات کم کرنے اور ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانے کیلئے اہم اقدامات ہیں۔ اسپیکر نے کہا کہ شجرکاری محض درخت لگانے تک محدود نہیں بلکہ ان کی مناسب دیکھ بھال اور نشوونما یقینی بنانا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ انہوں نے عوام بالخصوص نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ شجرکاری مہمات میں بھرپور حصہ لیں اور لگائے گئے پودوں کی حفاظت اور دیکھ بھال کو اپنا قومی فریضہ سمجھیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے حکومت کی جانب سے ماحولیاتی تحفظ، جنگلات کے فروغ اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ شجرکاری مہمات کی کامیابی کیلئے وفاقی و صوبائی حکومتوں، بلدیاتی اداروں، تعلیمی اداروں، نجی شعبے اور سول سوسائٹی کو مربوط اور مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا۔

بقیہ صباء 37

جون 2026 تک بڑھ کر 59 ہزار 441 ارب روپے ہوگیا۔ اس طرح مذکورہ عرصے کے دوران مقامی قرضے میں 16 ہزار 766 ارب روپے کا اضافہ ہوا۔ اسی طرح فروری 2024 میں وفاقی حکومت کا بیرونی قرضہ 22 ہزار 134 ارب روپے تھا، جو جون 2026 تک بڑھ کر 24 ہزار 201 ارب روپے ہوگیا۔ اس عرصے میں بیرونی قرضے میں 2 ہزار 66 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دستاویزات کے مطابق مقامی اور بیرونی قرضوں میں اضافے کے باعث وفاقی حکومت کے مجموعی قرضے میں 28 ماہ کے دوران تقریباً 29 فیصد اضافہ ہوا۔ قرضوں میں مسلسل اضافے کے باعث ملکی مالیات پر قرضوں کی ادائیگی اور اس سے متعلق اخراجات کا دباؤ بھی برقرار ہے۔ معاشی ماہرین کے مطابق حکومتی قرضوں میں مسلسل اضافے کے رجحان کو قابو کرنے کے لیے مالیاتی نظم و ضبط، آمدن میں اضافے، غیر ضروری اخراجات میں کمی اور قرضوں کے موثر انتظام کی ضرورت ہے تاکہ ملکی معیشت پر قرضوں کا بوجھ مزید نہ بڑھے۔

بقیہ صباء 38

کروا لیں گے۔ مصطفیٰ کمال کے تازہ بیان کے بعد نئے صوبوں کے قیام کا معاملہ ایک مرتبہ پھر سیاسی حلقوں میں بحث کا موضوع بن گیا ہے۔

بقیہ صباء 39

متحدہ کی کانفرنس برائے تخفیف اسلحہ کی صدارت سنبھال لی، جنیوا میں کانفرنس برائے تخفیف اسلحہ کے اجلاسوں کی صدارت پاکستانی سفیر طاہر حسین اندرابی نے کی۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق پاکستان 2026 کے سیشن کی آخری صدارت کے طور پر کانفرنس کی سالانہ کارروائی مکمل کرے گا، پاکستان کی صدارت میں کانفرنس کی سالانہ رپورٹ اور جنرل اسمبلی کی فرسٹ کمیٹی میں متعلقہ قرارداد پر مذاکرات ہوں گے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق پاکستان نے کانفرنس برائے تخفیف اسلحہ کے صدر کی حیثیت سے مشاورت کا آغاز کر دیا، پاکستانی سفیر طاہر اندرابی نے 2026 کے سابق صدور کے اجلاس کی صدارت اور علاقائی گروپس کے نمائندوں سے مشاورت کی۔ ترجمان کے مطابق اقوام متحدہ کی کانفرنس برائے تخفیف اسلحہ دنیا کا واحد کثیر الجہتی فورم ہے۔

بقیہ صباء 40

کر دیں۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم پر جاری ہدایات میں واضح کیا گیا ہے کہ تمام جوڈیشل افسران اپنے فرائض قانون کے مطابق آزادانہ، غیر جانبدارانہ، دیانت داری اور کسی بھی بیرونی دباؤ، سفارش، اثر و رسوخ، لالچ یا مداخلت سے بالاتر ہو کر انجام دیں گے۔ ہدایت نامے کے مطابق کسی بھی شخص، خواہ اس کا عہدہ، حیثیت یا اثر و رسوخ کچھ بھی ہو، کو عدالتی کارروائی، حکم، فیصلے، ضمانت، کیس مینجمنٹ، فہرست سازی، مقدمے کی منتقلی یا کسی دیگر عدالتی و انتظامی معاملے پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ جوڈیشل افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ کسی بھی فرد، وکیل، قانونی برادری کے عہدیدار، سرکاری افسر، آئینی یا قانونی ادارے کے رکن، حاضر سروس یا ریٹائرڈ جج، ہائی کورٹ کے افسر یا اہلکار سمیت کسی بھی شخص کی جانب سے کی جانے والی سفارش، درخواست، دباؤ یا مداخلت کو قبول یا زیر غور نہ لایا جائے، خواہ رابطہ ذاتی طور پر، ٹیلی فون، الیکٹرانک ذرائع یا کسی ثالث کے ذریعے کیا گیا ہو۔ ہدایت نامے میں خاص طور پر واضح کیا گیا ہے کہ چیف جسٹس، ہائی کورٹ کے جج یا کسی مجاز اتھارٹی کی حمایت یا سفارش کا دعویٰ کرنے والے کسی شخص کی جانب سے کیا جانے والا کوئی بھی غیر رسمی رابطہ یا سفارش قابل قبول نہیں ہوگی۔

بقیہ صباء 41

انٹرنیٹ بینکنگ کا انضمام خوش آئند ہے، حکومت پاکستان ٹیکنالوجی اور مختلف صنعتوں کے باہمی اشتراک کی حمایت کرے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے جے ایس بینک کے زیر اہتمام WalleZ کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان مالی شمولیت پر یقین رکھتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے کیش لیس اکانومی پر اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی، محمد شہباز شریف نے بطور وزیراعلیٰ پنجاب ٹیکنالوجی کے فروغ کے لئے اہم اقدامات کئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف ٹیکنالوجی اور مالیاتی خدمات کے انضمام پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں سرکاری شعبے کی پہلی ویڈیو کانفرنسنگ سروس متعارف کرائی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیکنالوجی کا فروغ شمولیت اور کارکردگی میں اضافے کا ذریعہ ہے، تنقید کا نشانہ بننے والی لیپ ٹاپ سکیم نے کورونا وباء کے دوران اہم کردار ادا کیا۔ عطاء تارڑ نے کہا کہ کورونا کے دوران لوگوں نے گھروں سے کام کیا اور آن لائن تعلیم حاصل کی، زیڈ والٹ کا آغاز ٹیکنالوجی کے موجودہ دور میں خوش آئند اقدام ہے۔

بقیہ صباء 42

ناصر عباس نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی ناکردہ جرائم کی سزا بھگت رہے ہیں، ان کی صحت کا مسئلہ حساس ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ اتنا سخت دل نہیں ہو جانا چاہیے کہ ہم بانی پی ٹی آئی کو تکلیف دیں، آپ خود کہتے ہیں کہ سسٹم مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا ملک ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے یا انتقام کی؟ بانی پی ٹی آئی کو ذاتی معالجین سے ملوایا جائے۔ راجا ناصر عباس نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو اسپتال میں داخل کیا جائے، ان سے ملاقات کرائی جائے تاکہ کل کسی بڑے حادثے سے بچ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاستدانوں کو ہی ملک چلانے کا موقع دیا جائے، پی ٹی آئی کی خواتین جیلوں میں ہیں۔ دوران بحث اپوزیشن لیڈر نے (ن) لیگی سینیٹر رانا ثناء اللہ کو مخاطب کرتے کہا کہ آپ کو معلوم ہے آپ پر کیس سیاستدانوں نے نہیں بنایا تھا۔

بقیہ صباء 43

سے متعلق سامنے آنے والی سرکاری رپورٹ انتہائی تشویشناک ہے اور اس کی ذمہ داری اغوا کاروں و حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے عمران خان کی صحت سے متعلق سامنے آنے والی سرکاری رپورٹ پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان کی صحت سے متعلق حالیہ رپورٹ نے پوری قوم کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے جبکہ اس سے قبل ان کو کبھی بلڈ پریشر کی شکایات نہیں تھی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے ذاتی ڈاکٹرز نے جب بھی ان کا بلڈ پریشر چیک کیا، نارمل رہا، لیکن آج کی سرکاری رپورٹ میں ہائی بتایا گیا ہے، عمران خان کی صحت کا مسئلہ ایک حقیقی اور سنجیدہ ہے، وہ جعلی طریقے سے اپنے پلیٹ لیٹس کم نہیں کروا رہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ دو دسمبر سے آج تک عمران خان سے نہ ان کی فیملی، نہ وکلا اور نہ ذاتی ڈاکٹرز کی ملاقات ہوئی ہے، سرکاری رپورٹ سامنے آنے کے باوجود ہمیں حقیقت کا علم نہیں کہ جیل کے اندر عمران خان کے ساتھ کیا ہوا ہے، آج ان کی صحت کی صورتحال کے ذمہ دار موجودہ حکمران اور اغوا کار ہیں۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ جب سے عمران خان کی آنکھ کا مسئلہ سامنے آیا ہے

بقیہ صباء 44

اور آئینی و سیاسی امور سمیت باہمی دلچسپی کے معاملات پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی اور فریقین کے درمیان مختلف امور پر سود مند تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ محمود خان اچکزئی نے وزیراعظم شہباز شریف کو ایک آئینی مشاورتی خط ارسال کر رکھا ہے، جس کے حوالے سے ملاقات میں بات چیت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ محمود خان اچکزئی سے ہونے والی ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی اور اس میں سود مند گفتگو کی گئی۔ ان کے مطابق حکومت اور اپوزیشن کے درمیان بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنے پر بھی اتفاق رائے پایا گیا۔ طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ ملاقات کے دوران وزیراعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے درمیان ممکنہ ملاقات کے لیے جگہ کے تعین کے حوالے سے بھی بات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کو اس ملاقات کے حوالے سے آگاہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محمود خان اچکزئی کی جانب سے وزیراعظم کو بھیجے گئے خط کا جواب بھی دیا جائے گا۔ ان کے مطابق حکومت اور اپوزیشن کے درمیان رابطے برقرار رہیں گے اور بات چیت کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔ ملاقات میں اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ ناصر عباس کی موجودگی بھی اہم رہی۔

CORRIGENDUM/AMENDMENT

This is to inform all concerned that the Tender Notice for miscellaneous works published in the daily newspapers, vide PRQ No. 691/6-8-2026, the bidding documents in respect of the same have been amended/revised accordingly.
All other terms & conditions remain the same.

ASSISTANT DIRECTOR
Local Government & Rural Development Killa Saifullah

PRQ No.864/17-8-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dprgob @dgprbalochistan

DATE EXTENSION

Refer advertisement published in newspaper (The Daily newspapers and hoisted on BPPRA websites (www.bppra.org.pk) on 06 Aug, 2025. under PRQ No.622/05-08-2026, due to BPPRA website ; due to unavoidable circumstance the date of opening extended to 24-Aug 2026.
Other term and condition will be same as mentioned in NIT/bidding documents

Executive Engineer(Buildings)
CWPP& H Department
District Surab

PRQ No.863/17-8-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dprgob @dgprbalochistan

TENDER NOTICE

The shiekh Mohammad bin Zayed Al-Nahyan Institute of Cardiology invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627081163231 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** **T/Fee** Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Tools and General Machinery (Total Item(s) Count: 1)	25,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014, **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 1,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 1,500,000 PKR In 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of amount 25,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 04 September, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 04 September, 2026till 09:45 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:45 AM **Address:** Sheikh Mohammad Bin Zayed Al-Nayhan Institute of Cardiology Kach mor Quetta
Phone no: 0812882290 Email: procsmbzan@gmail.com

Manager
shiekh Mohammad bin Zayed
Al-Nahyan Institute of
Cardiology

DAB/AB No.218/17-8-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dprgob @dgprbalochistan